وزیر محنت وافرادی قوت: سر، ما خو خپل طرف نه ریکویسټ اوکړو، ګوره چې کوم شے Legal وو، چې په کوم کښې شفاف کوئسچن وو، بالکل ما اووئیل چې دا دې لاړ شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو Agree کیږئ او که نه؟

وزیر محنت وافرادی قوت: او جی، چونکه دیکښې څه شے شته نه، ما خو تاسو ته اووئیل کنه چې دیکښې بعض اوقات تاسو هم لکه دلته آرډر، نوټیفیکیشن تر څو پورې چې نه وی شوے، هغه وخت پورې هغه سړے خپل اختیار استعمالولے شی، نو دا هم داسې شوی دی، زه دوئ ته ریکویسټ کوم چې دیکښې څه شته نه، که نور څه Confusion وی نو هغه چې کله کښینی نو هغې کښې ترې نه تپوس کولے شئ ځکه هغلته به ایس ایم بی آر والا موجود وی، ان شاءالله Confusion به لرې شی، څه مسئله به نه وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شگفتہ ملک صاحبہ! Satisfied شوئ جی؟

محترمہ شگفتہ ملک: ستاسو ډیره مننه جی، زما یو کوئسچن تاسو اولیږلو، ډیره مهربانی، هغې کښې به بیا ډسکس کړو، ٹھیک ده جی، ستاسو چې دومره ریکویسټ دے نو مونږه منو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 6541،جناب عنایت صاحب۔

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر صاحب، یہ جوآبکاری والا ہے،اس کا جواب کون دے گا؟

جناب ڈپٹی سپیکر: منسٹر صاحبان بیٹھے ہیں، تین چار منسٹر صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں،آپ کو وہ جواب دیں گے۔

جناب عنایت اللہ: منسٹر صاحبان سارے مصروف ہیں،Busy ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: منسٹر صاحب موجود ہیں۔

جناب عنایت اللہ: شوکت صاحب جواب دیں گے۔

Mr. Deputy Speaker: House in order.

جناب عنایت اللہ: اچھاوزیر صاحب موجود ہیں۔

* 6541 _ جناب عنایت اللہ: کیاوزیرآبکاری ومحاصل ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کے سٹرکچر میں تبدیلی کی گئی ہے اور منشیات کی روک تھام اور تدارک کا اختیار محکمہ ہذا کو دیا گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ ہذا کی نارکوٹکس کنٹرول کے ضمن میں اب تک کیا کارکردگی رہی ہے؟

<u>جناب غازی غزن جمال (معاون خصوصی برائے آبکاری و محاصل)</u>: (الف) محکمہ ہذا کے سٹرکچر میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے، البتہ اٹھارہویں ترمیم کے بعد حکومت خیبر پختونخوا نے Control on Narcotics Substances Act, 2019 4 ستمبر 2019 کو منظور کیا ہے۔

(ب) محکمہ کی کارکردگی جب سے ایکٹ پاس ہوا ہے، 4 ستمبر 2019 سے جولائی 2020 تک ٹوٹل 174 منشیات کیسز رجسٹرڈ کئے گئے جن میں 205 ملزمان گرفتار کئے گئے۔

پکڑی گئی منشیات کی تفصیلات درج ذیل ہے:

1	چرس	1245 کلو
2	ہیروئن	159 کلو
3	افیون	248 کلو
4	الکوحل	235.5 لیٹر
5	آئس	16.8 کلو

<u>جناب عنایت اللہ</u>: جناب سپیکر صاحب، میرے دو تین سپلیمنٹری کوئسچنز ہیں۔ یہ بتائیں کہ یہ جو Legislation ہوئی ہے، انہوں نے کہا کہ سٹرکچر کے اندر کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے حالانکہ میرے علم کے مطابق اس Legislation پر بہت بڑی Controversy create ہو گئی تھی اور پولیس والے یہ Responsibility ایکسائز کو ٹرانسفر نہیں کر رہے تھے۔ مجھے منسٹر صاحب یہ بتائیں کہ Legislation بالکل ہوئی ہے لیکن اس Legislation کے اندر پولیس کی کیا پوزیشن ہے اور ایکسائز والوں کی کیا پوزیشن ہے؟ دوسری بات منسٹر صاحب، یہ بھی بتائیں کہ یہ جو کارروائیاں ہوئی ہیں جس میں انہوں نے لکھا ہے کہ ڈیٹیل دی ہے کہ اتنی اشیاء جو ہیں وہ انہوں نے Confiscate کی ہیں، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ کارروائی انہوں نے کی ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: تمام ممبران اپنی اپنی سیٹوں پر بیٹھ جائیں، تاج محمد ترند صاحب، امجد صاحب، آپ کی آوازیں کافی اونچی آ رہی ہیں، فہیم صاحب! آپ House in order کریں، یہ گپ کیلئے آپ نہیں آئے، اتنی تیز آوازیں آپ کی آ رہی ہیں۔ جی، عنایت خان۔

جناب عنایت اللہ: یہ بتائیں کہ یہ جو کارروائیاں ہوئی ہیں جس میں اتنی جو Narcotics substances ہیں، ان کو Confiscate کیا گیا ہے، کیا یہ کارروائیاں ان کی اپنی فورس نے کی ہیں، کیا یہ پولیس فورس نے کی ہے؟ ان کی اپنی فورس کی Strength کیا ہے، کیا اس Law کے بعد انہوں نے اپنی کوئی Independent force، نارکارٹیکس کوئی فورس Develop کی ہے؟ کیونکہ پہلے جب فیڈرل گورنمنٹ کے لیول پر یہ ہو رہا تھا تو پورا ایک ڈیپارٹمنٹ اور Narcotics ایک فورس ہے، اس لئے یہ کوئی آسان کام نہیں ہے، مشکل کام ہے، یہ تین میرے سوالات ہیں، ان کے جوابات منسٹر صاحب دے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، نعیمہ کشور صاحبہ۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ ادھر سے ہم نے Law پاس کیا ہے کہ جو Anti Narcotics Force ہے، جو مرکز کی ہے، وہ اب صوبے میں کارروائی نہیں کرے گی، صرف ایئر پورٹ پر کرے گی اور جو بارڈرز ہیں، ان پر کرے گی، یا دوسرے وہ جو ہمارے طورخم وغیرہ اس ایریا پر کرے گی لیکن اب بھی وہ فورس کارروائی کر رہی ہے۔ آپ موٹروے پر دیکھیں کہ وہ ساری ادھر کھڑی ہے، جتنے منشیات کے کیسز ہیں وہ اب بھی کرتے ہیں۔ اب پچھلے دنوں کورٹ کا فیصلہ آیا ہے، جج نے کہا کہ آپ پکڑتے جاؤ، میں چھوڑتا جاؤں گا کیونکہ آپ لوگوں کے پاس یہ اختیار نہیں ہے، ابھی صوبائی لاء آیا ہے، آپ کے پاس یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ لوگوں کو پکڑتے ہیں، منشیات پکڑتے ہیں، ادھر سے کورٹ نے ان کو ضمانت پر رہا کر دیا ہے، تو کس طرح یہ لوگ وہ Implement کرتے ہیں؟ وہ اے این ایف اب بھی صوبے میں اسی طرح موجود ہے، وہی کارروائی بھی کرتی ہے، وہی منشیات کے کیسز بھی کرتی ہے، ادھر کورٹ اس کو نہیں لیتی، کورٹس ان کو ضمانت پر رہا کرتی ہے، تو کس طرح یہ چلے گا، اپنا Law ہم کیسے Implement کریں گے؟

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond.

جناب غازی غزن جمال (معاون خصوصی برائے آبکاری و محاصل): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ پہلے تو انہوں نے پوچھا سٹرکچر کے حوالے سے، ہم Existing کی بات کر رہے ہیں، Existing structure محکمے کا، میں کوئی Change نہیں آئی ہے تو اس میں ہم اپنی

Existing force کو Use کر رہے ہیں، جو ہمارے Existing department کی جو اپنی فورس ہے، وہی اس طرف Use کر رہے ہیں، So یہ Performance جو ہمیں نظر آ رہی ہے، یہ Existing force کے Through ہی ہمیں نظر آ رہی ہے، کوئی Additional cost اس میں، یا وہ نہیں آئی اس Law کے بعد یہ Role پولیس کا انہوں نے پوچھا تو وہ Law کے اندر بھی پولیس کا Role ہو یا وہ فیڈرل کے کوئی ادارے کا Role ہو تو ان کا ایک Collaborative role اس میں رکھا گیا ہے، یہ نہیں ہے کہ ہم Independently، ان کا Input نہیں ہو گا یا ان کی، مطلب Example انہوں نے دی، انہوں نے پوچھا کہ یہ جو یہاں پر گرفتاریاں ہوئی ہیں یا یہ جو کیسز رجسٹرڈ کئے گئے ہیں، آیا یہ ڈیپارٹمنٹ نے علیحدہ کئے ہیں یا ان کے ساتھ پولیس بھی تھی؟ یہ تو Combination ہے، کچھ ایریاز میں جہاں پر ڈیپارٹمنٹ نے خود بھی کئے ہیں اور کچھ ایریاز میں پولیس کے Collaboration کے ساتھ کئے ہیں، کیونکہ ان کی ظاہری بات ہے کہ اس میں ایک بڑی فورس ہے، جہاں پر ہمیں مزید فورس کی ضرورت تھی تو ہم نے ان کو On board لے کر اس کے جو کیسز ہیں وہ آگے کئے ہیں۔ جہاں تک بات اے این ایف کے Role کا پوچھا تو ان کے ساتھ بالکل یہ جو نیا Law آیا ہوا ہے، اس حوالے سے ان کے ساتھ ہماری Coordination ہے، وہ ایک ساتھ ہی ہم آگے کام کر رہے ہیں، یہ نہیں ہے کہ ہم نے ان کو Completely یہاں سے Ignore کر دیا ہے یا ان کا آگے کوئی Role نہیں ہے، Role جو ہے وہ Collaboratively اکٹھا ہی ہے اور وہ Existing law میں بھی ایسا ہی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، عنایت صاحب۔

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر صاحب! یہ جو پہلے والا حصہ ہے، اس کا جواب درست نہیں ہے، ظاہر ہے کہ جو انفارمیشن انہوں نے دی ہوئی ہے کہ کارروائی کر کے اتنے Narcotics Control Substances جو ہیں وہ Confiscate کئے ہیں، یہ بات تو درست ہو سکتی ہے، ظاہر ہے کہ میرے ساتھ کوئی ذرائع نہیں ہیں کہ میں اس کو ڈبل چیک کر سکوں لیکن جو (الف) کا پہلے والا حصہ ہے وہ درست نہیں ہے، محکمہ کی کوئی Re-structuring نہیں ہوئی ہے، محکمہ کے مینڈیٹ میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے اور اس میں نے جو سوال کیا تھا، منسٹر صاحب نے اس کا جواب نہیں دیا، یہ Legislation کے بعد اب پولیس کا کیا Role ہے اور آپ کا کیا Role ہے؟ یہ بتا دیں کیونکہ یہ باقاعدہ ہوا ہے، اس کی

Legislation ہوئی ہے، میں خود اس Process کے اندر ابتدائی طور پر شریک رہا، اس کا آخری Form کیا ہوا، کیا شکل ہے؟ وہ تھوڑا سا منسٹر صاحب بتادیں۔

Mr. Deputy Speaker: Minister concerned, Ghazan Jamal Sahib.

معاون خصوصی برائے آبکاری و محاصل: سر، یہ جو سٹرکچر کی بات کر رہے ہیں وہ میں Existing کہہ رہا ہوں کہ Existing میں کوئی Change نہیں آئی ہے، Unfortunately یہ Law جب آیا تو اس کے فوراً بعد کورونا وائرس کا ایشو بھی آیا، اس وقت Re-structuring میں ظاہری بات ہے کہ Cost بھی اس کے ساتھ Touch ہوتی ہے، ہماری جو فورس تھی، وہ ساری کورونا وائرس کی جو Efforts تھیں، اس کے اندر بھی وہ Use ہو رہی تھی، اس وقت ہم نے Re-structuring یا Changes کرنے کا جائزہ نہیں سمجھا کہ اس وقت ہم کریں، ابھی ہمارا اس کے اوپر کام مزید چل رہا ہے اور اس کی وجہ سے جو Answer آپ کو یہاں پر مل رہا ہے وہ یہ ہے کہ ابھی تک Structure change نہیں ہوا، آگے جا کر بالکل اس کو ہم Consider کر رہے ہیں، Structural changes ظاہری بات ہے کہ آئیں گی کیونکہ اس Law کے بعد ایک پورا Wing ہمارا نارکاٹیکس کا اپنا بنے گا، اس کے اندر وہ مزید Changes بھی ہوں گی لیکن موجودہ وقت میں ہم نے نہیں کیں، ہم نے اپنے جو ہمارے ETOs ہیں یا باقی آفیسرز ہیں، ان کو ہی ہم Use کر رہے ہیں۔ جہاں تک آپریشن کی یا Role کی بات کر رہے ہیں، پولیس کے ساتھ اس کے اندر Leading role جو ہے وہ ظاہری بات ہے کہ ایک نارکاٹیکس ڈیپارٹمنٹ بنا ہے تو Leading role ہمارا ہے، But جہاں پر ہمیں پولیس فورس کی ضرورت ہے، ہم وہاں پر ان کو ان کے ساتھ Collaborate کر کے ہی کرتے ہیں، پوری دنیا کی جتنی بھی نارکاٹیکس فورسز ہیں، ہر ایک میں ایسا ہی ہوتا ہے کہ جہاں پر ان کو لوکل پولیس کی ضرورت ہو تو وہ ان کے ساتھ اس میں کرتے ہیں، اگر پولیس نے کوئی آپریشن خود کیا ہو تو اس کے اندر بھی ڈیپارٹمنٹ کو On board لیتے ہیں، It's a collaborative قسم کا طریقہ ہوتا ہے، اس طرح Cut and paste یا وہ بالکل Divide نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عنایت صاحب۔

جناب عنایت اللہ: میں منسٹر صاحب کو مشورہ دوں گا کہ وہ اس پر Proper briefing لے لیں۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: جناب، میرے ضمنی سوال کا جواب انہوں نے نہیں دیا، جو سوال میں نے پوچھا تھا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: منسٹر غزن جمال صاحب! میڈم نے کچھ پوچھا تھا، آپ نے Answer نہیں دیا۔ جی غزن جمال صاحب۔

معاون خصوصی برائے آبکاری و محاصل: سر، میڈم نے اے این ایف کا جو پوچھا تھا، وہی میں عرض کر رہا تھا کہ ان کو بھی Role اس کے اندر With federal entities ایک Collaborative role ان کا ہے، اگر ان کے Actions وغیرہ ہوتے ہیں تو وہ ہمارے ساتھ In collaboration کرتے ہیں، But یہ بالکل ٹھیک ہے کہ Law کے اندر جو ہے، اس کے اندر Enforcement کیلئے ایک ہمارا محکمہ ہے اور ایک پولیس ہے جو ہماری لوکل ہے، Main enforcement وہی کرتی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عنایت صاحب، جی آپ Satisfied ہیں؟

جناب عنایت اللہ: بس میں نے ان کو جو مشورہ دیا ہے، اس مشورے پر عمل کریں، Proper briefing لے لیں، پوری ڈیٹیل اور Law کو بھی سمجھنے کی کوشش کریں کہ Law کے اندر کیا امنڈمنٹ ہوئی ہے، Future کے اندر کیا پلان ہیں؟ اس پر بریفنگ لے لیں۔

جناب سپیکر: کوسچن نمبر 6585، جناب عنایت صاحب۔

* 6585 _ جناب عنایت اللہ: کیا وزیر ماحولیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ADP Scheme No. 297, code 170102, Billion Tree Aforestation Project in Khyber Pakhtunkhwa, Phase-II کب منظور ہوئی;

(ب) مذکورہ سکیم پر اب تک لاگت و خرچ شدہ رقم کی تفصیل فراہم کی جائے;

(ج) مذکورہ سکیم کن کن اضلاع میں منظور شدہ ہے اور اُن کیلئے کتنی رقم مختص ہے اور مدت تکمیل کیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے;

(د) مذکورہ سکیم کیلئے اس سال اے ڈی پی میں منظور شدہ رقم کتنی ہے، نیز اس سکیم کے تحت کتنی زمین پر Aforestation ہو چکی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

سید محمد اشتیاق (وزیر ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات): (الف) جی ہاں، Billion Tree Aforestation Project in Khyber Pakhtunkhwa, Phase-II مرحلہ کو صوبائی حکومت نے سال 03-10-2017 کو منظور کیا۔

(ب) مذکورہ سکیم پر اب تک لاگت و خرچ شدہ رقم لف ہے۔ (مکمل تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

(ج) مذکورہ سکیم جن اضلاع میں منظور ہوئی ہے اور ہر ضلع کیلئے جتنی رقم مختص کی گئی ہے، اس کی مدت تکمیل کی مکمل تفصیل لف ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی ہے)۔

(د) مذکورہ سکیم کیلئے اس سال اے ڈی پی سے 1069.40 رقم منظور ہوئی ہے، نیز اس سکیم کے تحت تقریباً 227502.58 ہیکٹر زمین پر Aforetation ہوئی ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

جناب عنایت اللہ: منسٹر صاحب! میں اس سوال پر ویسے Detailed scrutiny چاہتا ہوں لیکن میں اس پر مزید Detailed scrutiny پر نہیں جاتا، صرف میں منسٹر صاحب کو ایک تجویز دینا چاہتا ہوں کہ وہ اس کو سن لیں اور اس پر Respond کریں۔ یہ جو بلین ٹری سونامی پراجیکٹ ہے، میں On the record and floor of the House یہ کہہ چکا ہوں کہ میں ذاتی طور پر اس کا حامی ہوں، یہ اس حکومت کا اچھا Initiative ہے لیکن بہر حال اس کے اندر Lapses موجود ہیں، Transparency کے ایشوز موجود ہیں، اس پر حکومت فوکس کرے اور اس کیلئے کوئی Effective mechanism بنائے تاکہ اس کی Implementation میں غلطیاں نہ ہوں۔ میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جب آپ Enclosures بناتے ہیں، درخت پلانٹ کرتے ہیں، یہ اپنی جگہ پر Important ہے لیکن اس سے زیادہ Important یہ ہے کہ جن علاقوں کے اندر گیس نہیں ہے اور جہاں آپ کا جو ایل پی جی ہے، وہ بھی ارزاں ریٹ پر Available نہیں ہے، اس کی بھی Accessibility نہیں ہے، مثلاً میں دور دراز علاقوں کا ذکر کروں گا، یہ جو کمراٹ اور کوہستان ویلی ہے، اس کے اندر ایک Calculation ہوئی ہے، میں پہلے بھی Floor of the House یہ کہہ چکا ہوں کہ ایک پیالی چائے پر کوئی آٹھ دس ہزار روپے خرچہ آتا ہے کہ جو دیار کی لکڑی اس کیلئے جلاتے ہیں، آگ اور اس کی Cooking تو بڑی Expensive ہوتی ہے، منسٹر صاحب! مجھے بتائیں تاکہ ان علاقوں کیلئے Environment کو Protect کیا جاسکے، Future کیلئے یہ جوان کا پلان ہے، یہ فلیگ شپ پراجیکٹ ہے تاکہ ہماری مستقبل کی نسلیں وہ محفوظ ہوں۔ ہم Ten vulnerable countries میں ہیں، دنیا کے Ten vulnerable countries میں ہیں، Global warming کے اندر ہم Ten vulnerable countries میں ہیں، ہمارا Future بھی درخت لگانے میں ہے اور درختوں کے تحفظ میں ہے، منسٹر صاحب مجھے بتائیں کہ جو پہاڑی علاقے ہیں، جہاں درخت ہوتے ہیں اور درخت ضائع

ہوتے ہیں، اس وجہ سے ان کیلئے آپ کیا پلان رکھتے ہیں؟ تاکہ لوگ جلانے میں سوختی لکڑی کیلئے اس کو استعمال نہ کریں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب اشتیاق ارمڑ صاحب۔

<u>وزیر ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات</u>: جناب سپیکر، میں عنایت صاحب کی بہت ہی Respect کرتا ہوں اور زبردست Critic ہے اور سمجھتا بھی ہے کہ جہاں پر بھی مجھے ضرورت پڑ جائے تو میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ بالکل آپ صحیح کہہ رہے ہیں جس طرح آپ نے کمراٹ کی بات کی، کالام کی بات کی، وہاں ہمارے درخت ہیں وہ تو بہت زیادہ پریشر ہے، وہاں پر جو کوٹہ سسٹم ہے، وہاں پر جو لکڑی آبادی کیلئے مختص کی گئی ہے لیکن میں Particularly بات کرونگا کمراٹ جو آپ کا علاقہ کا ہے، وہاں پر ابھی تک Demarcation ہی نہیں ہوئی ہے اور Demarcation کے ساتھ ساتھ جب سی ایم صاحب گئے تھے، آپ کو یاد ہوگا، وہاں خان صاحب بھی کمراٹ میں گئے تھے، ہم نے وہاں پر چھوٹا پن بجلی گھر جس کیلئے ہم نے پیسے، ابھی کل بھی میں نے محمود خان صاحب سے بات کی، سی ایم صاحب سے بات کی ہے کہ کمراٹ اور کالام کو تب ہی ہم کنٹرول کر سکتے ہیں کہ ایم پی ایز کو گیس Provide کریں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: خواتین ایم پی ایز آپس میں باتیں نہ کریں۔

<u>وزیر ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات</u>: اس کے ساتھ ساتھ Electricity جس طرح آپ نے بتایا کہ وہ چھوٹا پن بجلی گھر اگر۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: عائشہ نعیم صاحبہ۔

<u>وزیر ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات</u>: کوئی Fifty کلوواٹ کا ان شاء اللہ اس طرح کوئی وہ کریں، بالکل آپ صحیح کہہ رہے ہیں اور یہ جس طرح آپ نے بات کی کہ ہم کر کیا رہے ہیں؟ تو اس پر فوکس ہے۔ دوسرا ہم نے Initiate کیا ہے، REDD + کے لئے، REDD + اس دنیا کیلئے بڑا وہ ہے جس میں جتنا بڑا کاربن آپ بچائیں گے اتنے ہی آپ کو پیسے ملیں گے اور وہ بھی ایک زبردست قسم کا Initiative ہے جس پر ہم چل رہے ہیں۔ اس کے بعد میں آپ کے ساتھ ڈسکس بھی کرلونگا کہ اس میں ابھی تک انہوں نے اللہ کے فضل سے ہمیں Accept بھی کر لیا، یہ پاکستان کیلئے ایک بہت ہی بڑا کارنامہ ہے جو ہمارے بلین ٹری والوں نے انجام دیا ہے۔ آج دنیا میں اس کو ایک Recognition مل رہی ہے، World Economic Forum پر، تو اس وجہ سے آپ بالکل صحیح کہہ رہے ہیں کہ اس کو ہم تب قابو کر سکتے ہیں

تاکہ وہاں پر متبادل کوئی گیس Provide کی جائے یا بجلی Provide کی جائے، بالکل آپ صحیح کہہ رہے ہیں، میں آپ کے ساتھ Agree ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عنایت صاحب، Satisfied?

جناب عنایت اللہ: جی ہاں، اس کو آگے نہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 7640، میاں نثار گل صاحب، موجود نہیں۔ کوئسچن نمبر 6741، میاں نثار گل صاحب، موجود نہیں۔ کوئسچن نمبر 6776، جناب فیصل زیب صاحب، موجود نہیں۔ کوئسچنز آور کمپلیٹ ہو گیا ہے۔

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

6296 _ جناب سراج الدین: کیا وزیر معدنیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 20-2019 کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ عمل میں محکمہ کیلئے کتنی رقم مختص کی گئی تھی، اس کی ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے؛

(ب) سال 20-2019 کے ترقیاتی منصوبہ عمل میں محکمہ کیلئے اے ڈی پی میں مختص شدہ فنڈز سے کتنی رقم ریلیز ہوئی اور اس میں سے کتنی رقم خرچ ہوئی اور کتنی Lapse ہوئی، ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے، نیز رواں مالی سال 21-2020 کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ عمل اے ڈی پی میں محکمہ کیلئے مختص رقوم کی بھی ضلع وار مالیت کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عارف (معاون خصوصی معدنیات، معدنی ترقی): (الف) سال 20-2019 کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ عمل کے محکمہ کیلئے 397.69 ملین رقم مختص کی گئی تھی، اس رقم کو درجہ ذیل سکیموں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی ہے)۔

(ب) سال 20-2019 کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ عمل میں محکمہ کیلئے اے ڈی پی میں 119.213 ملین رقم ریلیز ہوئی اور اس میں 119.213 ملین رقم خرچ ہوئی اور اس مد میں کوئی رقم Lapse نہیں ہوئی۔ مالی سال 21-2020 کے سالانہ ترقیاتی مختص رقم 420 ملین ہے جو کہ ایوان کو فراہم کی گئی ہے۔

6461 _ جناب سراج الدین: کیا وزیر اوقاف ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا ضلع باجوڑ سے تعلق رکھنے والے آئمہ کرام اور مساجد کے پیش اماموں کو ماہانہ اعزازیہ دیا جاتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ضلع سے تعلق رکھنے والے کتنے آئمہ کرام اور مساجد کے پیش اماموں کو ماہانہ اعزازیہ دیا جاتا ہے، نیز باجوڑ سے تعلق رکھنے والے مزید آئمہ کرام اور پیش اماموں کو اعزازیہ دینے کی کوئی تجویز زیر غور ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد ظہور (معاون خصوصی اوقاف و مذہبی امور): (الف) جی نہیں، فی الحال کسی بھی امام مسجد کو ماہانہ اعزازیہ نہیں مل رہا ہے کیونکہ اس کیلئے اب تک محکمہ خزانہ کی طرف سے کوئی رقم جاری نہیں ہوئی۔

(ب) جناب وزیر اعلیٰ صاحب نے ایک اجلاس مورخہ 22-5-2019 میں مذکورہ ماہانہ اعزازیہ نئے ضم شدہ اضلاع بشمول ضلع باجوڑ کے آئمہ کرام کو بھی فراہمی کا حکم صادر فرمایا تھا، وزیر اعلیٰ صاحب کے حکم کی روشنی میں محکمہ اوقاف نے متعلقہ ڈپٹی کمشنر سے بذریعہ خطوط ضلع کی تمام مساجد کے آئمہ کرام کی تفصیلات طلب کیں اور اس بابت سیکرٹری اوقاف کے دفتر میں کئی اجلاس بھی منعقد ہوئے۔ ضلع جنوبی وزیرستان، کرم اور باجوڑ کے علاوہ باقی تمام اضلاع کے آئمہ، جامع مساجد کی تفصیلات فراہم کی ہیں۔ (ضلع وائز تفصیل ایوان فراہم کی گئی)۔

6740 _ میاں نثار گل: کیا وزیر ماحولیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2002 سے کوہاٹ ڈویژن بالخصوص کرک میں تیل اور گیس کمپنیاں کام کر رہی ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان کے ساتھ معاہدے میں لکھا ہے کہ ماحول کو بہتر بنانے کیلئے ان علاقوں میں پودے لگائے جائیں گے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ معاہدے کے تحت ان علاقوں میں کتنے پودے لگائے گئے ہیں، اگر کوئی شجر کاری کی گئی ہے تو لگائے گئے پودوں اور اُن کی جگہوں کی تفصیل فراہم کی جائے؟

سید محمد اشتیاق (وزیر ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے، اگر کسی منصوبے میں درختوں کی کٹائی ناگزیر ہو تو معاہدے کے تحت وہ اس کے بدلے میں پودے لگانے کا پلان دیں گے تاکہ اس علاقے کے ماحول کو بہتر بنایا جا سکے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ تیل و گیس کی کمپنیوں سے اس علاقے میں جنگلات کی لکڑی پر انحصار کم ہوا ہے اور ان علاقوں میں گیس کی فراہمی ممکن ہوئی ہے جس سے پودوں کی افزائش پر مثبت اثر پڑا ہے۔

(ج) 2018 میں صوبائی حکومت نے زیتون کے پودے لگانے کے منصوبے کا آغاز کیا، اس علاقے میں زیتون کی پیداوار کو فروغ دینے کیلئے MOL Pakistan نے کرک میں مرکزی Processing کی سہولت پر 2400 زیتون کے پودوں کے ساتھ تقریباً 2000 دوسرے پودے لگائے۔ اس کے علاوہ ایک ہزار درخت اپنے تالابوں کے ارد گرد لگائے جبکہ 150 پھلدار درخت بھی لگائے اور اس مہم کے تحت تولنج پراسیسنگ سہولت میں چار ہزار 666 مقامی نوع کے پودے بھی لگائے گئے جن کی دیکھ بھال بھی MOL Pakistan کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ 2011 میں ٹال بلاک میں MOL Pakistan نے سرحد رورل سپورٹ پروگرام کی شراکت داری میں ماحول کو بہتر کرنے کیلئے ایک منصوبے کے تحت دو لاکھ 50 ہزار درخت اور سجاوٹی پودے لگائے تھے۔

6741 _ میاں نثار گل: کیا وزیر ماحولیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع کرک میں بلین سونامی ٹری کے تحت اب تک کتنے پودے کس کس جگہ پر لگائے گئے ہیں، پودوں اور سٹاف کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز آئندہ ضلع کرک میں اس پروگرام کیلئے کسی جگہ کا تعین کیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

سید محمد اشتیاق (وزیر ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات): (الف) ضلع کرک میں بلین ٹری پراجیکٹ کے تحت اب تک 2054.46 ہیکٹر رقبہ پر تعدادی دو لاکھ 28 ہزار 550 عدد پودے مختلف مقامات پر لگائے گئے ہیں۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی ہے)۔ مذکورہ سکیم کے تحت کوئی بھرتی نہیں کی گئی ہے، نیز آئندہ ضلع کرک میں اس سکیم کے تحت پودے لگانے کیلئے کسی جگہ کا تعین تا حال نہیں کیا گیا ہے، تاہم نئی سکیم کی منظوری کے بعد مقررہ ہدف کے مطابق پودے لگانے کیلئے موزوں جگہوں کا تعین کیا جائے گا۔

6776 _ جناب فیصل زیب: کیا وزیر ماحولیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا میں کلاس فور ملازمین کی بھرتیاں ضلع شانگلہ PK-24 میں کی گئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ ماہ سے لے کر اب تک بھرتی شدہ کلاس فور ملازمین کی مکمل تفصیل بمعہ بھرتی کا طریقہ کار فراہم کیا جائے؟

سید محمد اشتیاق (وزیر ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات): (الف) محکمہ ماحولیات الپوری فارسٹ ڈویژن الپوری ضلع شانگلہ نے PK-24 میں کوئی بھرتی نہیں کی گئی ہے۔

(ب) (الف) کا جواب اثبات میں نہیں ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! مجھے پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنی ہے، مجھے موقع دے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، بالکل یہ Leave applications اناؤنس کر لوں تو پھر آپ کو موقع دیتا ہوں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Leave applications کے بعد لے لیں، بالکل لے لیں، Leave applications کے بعد لے لیں۔

اراکین کی رخصت

Mr. Deputy Speaker: Ji, item No. 3, Leave applications:

جناب محب اللہ خان صاحب، 10 اگست 2020 کیلئے، حاجی انور حیات خان صاحب، 10 تا 13 اگست 2020، جناب فیصل امین گنڈاپور صاحب، 10 تا 13 اگست 2020، جناب محمد ظاہر شاہ طورو صاحب، 10 تا 13 اگست 2020، محترمہ شاہدہ وحید صاحبہ، 10 اگست 2020 کیلئے، محترمہ مومنہ باسط صاحبہ، 10 اگست 2020 کیلئے، جناب سردار یوسف زمان صاحب، 10 اگست 2020 کیلئے، مفتی عبید الرحمان صاحب، 10 تا 13 اگست 2020، جناب سید احمد حسین شاہ صاحب، 10 اگست 2020 کیلئے، جناب ہشام انعام اللہ صاحب، 10 اگست 2020 کیلئے، جناب فیصل زیب خان، 10 اگست 2020 کیلئے، محترمہ نادیہ شیر صاحبہ، 10 اگست 2020 کیلئے، عارف احمد زئی صاحب، 10 اگست 2020 کیلئے، محترمہ مدیحہ نثار صاحبہ، 10 اگست 2020 کیلئے۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ۔

مسجد وزیر خان لاہور کے تقدس کی پامالی

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میرا ایک بہت ہی Important Point of Order ہے۔ جناب سپیکر صاحب! ہم لوگ ایک Islamic country میں رہتے ہیں اور اسلام میں کسی بھی جگہ پر جو مسجد ہے، اس کا تقدس پامال کرنا ایک مجرمانہ غفلت بھی ہے اور ایک گناہ کبیرہ بھی ہے۔

لاہور کی ایک بہت قدیم مسجد ہے، اس کا نام وزیر (خان) مسجد ہے، اس میں باقاعدہ دو آرٹسٹوں نے وہاں پر باقاعدہ طور پر گانے کی شوٹنگ کر کے اس مسجد کا تقدس پامال کیا ہے، یہ ہم مسلمانوں کیلئے بہت زیادہ اذیت کی بات ہے کہ پہلے تو ٹک ٹاک تھا پھر اس کے بعد وزیر خارجہ کی کرسی پر جو ہوا، اس کے بعد یہاں پشاور میں وزیر اعلیٰ ہاؤس میں جو ٹک ٹاک بنا، اس کے بعد اب مسجدوں تک ہم پہنچ گئے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! یہ ریاست مدینہ ہے، جس کو نیازی صاحب ریاست مدینہ کہتے ہیں تو ریاست مدینہ میں تو کسی بھی مسجد میں کسی گانے کی ریہرسل نہیں ہوتی ہے اور نہ ہی وہاں پر شوٹنگ ہوتی ہے، تیس ہزار روپے لے کر ان کو اجازت نامہ دیا گیا۔ دوسرا جناب سپیکر صاحب! میں اس کی مذمت کرتی ہوں، اس اسمبلی کے Through خیبر پختونخواہ کا یہ معزز ہاؤس اس کی مذمت کرتا ہے، میں آپ کے توسط سے پرائم منسٹر آف پاکستان کو یہ پیغام دونگی کہ جس ریاست کی بات آپ کر رہے ہیں، ریاست مدینہ، تو اس کا تقدس بحال کرنے کیلئے ان لوگوں کے خلاف ایکشن لینا چاہیئے۔ دوسرا جناب سپیکر صاحب! آپ جس کرسی پر بیٹھے ہوئے ہیں، یہ ایک مقدس کرسی ہے، آپ ہمارے کسٹوڈین آف دی ہاؤس ہیں، یہاں کی رولنگ بہت اہم ہوتی ہے، آج سے پندرہ دن پہلے چونکہ میرا کوسچن نہیں آرہا ہے، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے حوالے سے، تو میں نے یہاں پر پوائنٹ آف آرڈر پر بات کی کہ گاڑیاں جو ہیں وہ کہاں پر ہیں، گاڑیوں کی تفصیل مہیا کی جائے اور جن جن لوگوں کے پاس گاڑیاں ہیں اور جو پکڑی ہوئی گاڑیاں ہیں، ان کے نام اور فہرست جاری کی جائے، باقی گاڑیاں جو پڑی ہوئی ہیں وہ کہاں پر اس وقت کھڑی ہیں؟ لیکن مجھے افسوس ہے کہ آپ کی رولنگ کو یہ لوگ ایسے ہی ہوا میں اڑا دیتے ہیں جیسے کہ اس کرسی نے رولنگ ہی نہیں دی ہو، کسی راہ چلتے، I am sorry to say these words، کسی راہ چلتے آدمی نے ایک بندے کو کہہ دیا اور بس وہ بات ختم ہو گئی۔ جناب سپیکر صاحب! میں یہاں سے پھر آپ کی رولنگ چاہونگی کہ جو لوگ آپ کی اور سپیکر صاحب کی رولنگ پر یہ کرتے ہیں، اس پر عمل نہیں کرتے ہیں تو میں آپ کو یہاں پر ایک بات بتادوں کہ ہماری یہ جو بیوروکریسی ہے، یہ بائیس گریڈ تک جاتی ہے، یہاں پر جو بیٹھے ہوئے Honorable Parliamentarian ہیں، چاہے اس سائیڈ کے ہیں، چاہے اس سائیڈ کے ہیں، ان کو سپیشل گریڈ ملتا ہے، وہ تیئیس کا ہے، یہ ہمیں ہر جگہ پر دھوکہ دیتے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! آپ کی کرسی جو ہے، اس سے بھی اللہ تعالیٰ کی کرسی جو ہے وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضِ لیکن اس کے بعد اس دنیا کی کرسی جو ہے، اس میں یہ کرسی ہمارے لئے Important ہے، تو یہ رولنگ کہاں گئی، ہوا میں چلی جاتی ہے، یہ رولنگ

Dustbin میں چلی جاتی ہے، یہ Under carpet چلی جاتی ہے، یہ مجھے اس اسمبلی کی رولنگ کے بارے میں یا آپ اپنے سٹاف سے پوچھیں کہ جو رولنگ آپ دیتے ہیں، یہاں پر منسٹر صاحب ایشورنس دیتے ہیں، اس کا کیا بنتا ہے؟ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سب سے پہلے میڈم، آپ نے جو بات کی، مسجد کی توہین کی بات کی۔۔۔۔

جناب لطف الرحمان: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لطف الرحمان صاحب، که اجازت وی، زه تاسوله موقع درکوم، زه صرف د میډم د سیکنډ کوئسچن جواب چې ورکړم بیا تاسوله موقع درکوم جی۔ میډم چې کومه سیکنډ خبره اوکړه، په دې چیئر باندې نن د اختر نه مخکښې په پوائنټ آف آرډر باندې میډم وئیلې وو چې ماته دې د ایکسائز ډیپاټمنټ چې 2013 نه واخله تر Till date پورې څومره ګاډي ایکسائز نیولی دي او هغه ئے چاله ورکړي دي، کوم چې دوئ سره په تحویل کښې دي او کوم ځائې کښې دي او څوک ئے Utilize کوي، د هغوی فهرست د ورکړی نو ما دوئ ته دا رولنګ ورکړے وو، ډیپارټمنټ ته چې مونږ ته دې یو Week کښې دا ټول Details provide شي، د هغې تقریباً د پنځه نه بیس ورځې تقریباً برابرېږي او ډیپارټمنټ په دې باندې هیڅ ایکشن نه دے اغستے او مونږ ته ئے هغه ډیټیلز نه دي راکړي، نو زه خو دې ځائې نه وړومبے چیف سیکرټري صاحب ته دا ریکویسټ کوم چې دغه سیکرټري او DG، چې څوک هم دي او دا ډیټیلز اسمبلۍ ته نه Provide کوي ځکه چې دا اسمبلی د صوبې د هر یو شي ذمه واره ده، نو دې نه خو دا معلومېږي چې دې ایکسائز ډیپاټمنټ کښې څه شے شته چې دوئ هغه پټول غواړي، نو زه چیف سیکرټري صاحب ته هم دا هدایت کوم او وایم چې دا څومره ریکارډ دے، Till two days کښې د ماته Provide شي او که Provide نه شو نو مونږه به د سیکرټري او DG خلاف به زه Strict action اخلم۔

جناب لطف الرحمان: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لطف الرحمان صاحب! سلطان صاحب چې خبره اوکړي نو بیا د هغې نه پس تاسو ټولې خبرې اوکړئ۔

جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون): سر، هم په دې ایشو باندې د ایکسائز والا باندې خبره کوم۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نه جی، دغه نه مخکښې د جمات په خبره باندې۔

وزیر قانون: سر!۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ جی، مخکښې ټولې خبرې اوکړئ بیا به ټول د هغې پس جواب تاسو ورکړئ۔

وزیر قانون: سر، د هغوی بل څه ایشو ده، ایکسائز والا باندې زه خبره کوم۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نه جی، د دې ایشو جواب به هم تاسو ورکوئ جی۔

وزیر قانون: سر، زه چې د ایکسائز والا Clear کړم یو منټ کښې سر، زما ریکویسټ دا وو، زه خو بالکل دا ستاسو چې کوم هدایات دی نو دا چونکه د اسمبلئ او مونږه ټول دا خبره کوؤ، دا حقیقت هم دے، دا اسمبلی د دې ټولې صوبې نمائنده اسمبلی ده او لویه او غټه جرګه ده د دې ټولې صوبې، او بل قانونی او آئینی طور هم د دې اسمبلئ حق دے چې دلته کوم معلومات اوغوښتلی شی نو هغه دې د اسمبلئ فلور ته او د اسمبلئ ممبرانو ته ملاؤ شی۔ سر، صرف دیکښې زه ستاسو دغه Instruction fully endorse کوم، سپورټ کوم، زه به هم بلکه د ډیپارټمنټ سیکرټری او ډی جی (ایکسائز) دواړه دلته نن موجود دی، هغوی ته به هم زه وایم چې د سبا پورې دا تاسو دوه ورځې یادې کړې، زه به ورته سبا پورې اووایم چې دا اسمبلئ ته راوړی خو زه به دیکښې یو ریکویسټ کوم، صرف زه دا یو جنرل ریکویسټ کوم چې څومره هم ایشوز دی، سر، دا چې کله په یو دغه طریقې سره په ایجنډا باندې راځی، په یو یونیفارم طریقې سره اسمبلئ ته راځی نو هغې کښې به اسانتیا دا وی چې ډیپارټمنټ ته به هم اسانی وی، زمونږه ممبرانو صاحبانو ته به هم اسانی وی او د اسمبلئ سیکرټریټ ته او تاسو او زمونږه د ګورنمنټ منسټرز ته به هم اسانتیا وی نو زما ریکویسټ دا دے چې دا زما په خیال یو سوال جمع کړے وو، نګهت بی بی د دې باره کښې په هغې کښې ډیټیل چونکه نه وو راغلے، ماته یادیږی که دا زه ټهیک وایم نو بیا پکار دا وه چې دا سوال پینډنګ پاتې شوے وو او دا د اسمبلئ په

ایجنډا بیا راشي او ورسره دا ډیټیلز واپس جمع شي نو ممبرانو ته به هم ملاؤ شي، هغوی به ئے سټډی هم کړی او هغې نه پس که د یو ممبر په هغې باندې څه رائې وی یا په هغې کښې د هغه څه Objection وی نو هغه رائې به هم په یو یونیفارم طریقې سره Structured طریقې سره به اسمبلئ ته راشي نو هغې نه به فائده هم اوشي۔ سر، اخیری خبره زه دا کوم چې پوائنټ آف آرډر ډیر ضروری وی، هغه د یو ممبر حق دے چې ډیره غټه ایمرجنسی راشي او هغه په ایجنډا یو خبره نه وی نو پوائنټ آف آرډر باندې هیڅ هم په رولز کښې کیدې نه شي خو دلته کښې Tradition دا دے چې چیئر چې کوم دے دا اجازت ورکوی خو زما ریکویسټ دا دے چې منسټر ته هم د تیارئ موقع ملاؤ شي، ډیپارټمنټ ته هم د تیارئ موقع ملاؤ شي چې کله یو خبره په ایجنډا باندې موجود وی، کومه خبره چې داسې ضروری وی چې په هغه ورځ باندې د هغې نه ډیر لوئے نقصان جوړیدے شي، په هغه ورځ باندې ډیره لویه ایمرجنسی د هغې نه جوړیدې شي او هغه په پوائنټ آف آرډر باندې اوغوښتے شي نو زما په خیال د هغې څه جواز جوړیږی خو هر یو ایشو په پوائنټ آف آرډر باندې، هر یو ایشو ته بیا دوه ورځې او درې ورځې ټائم ورکول، نو زما به ریکویسټ دا وی چې په ایجنډا باندې چې دومره Important شے بیا راځی نو دا زمونږ د ټولو سره به دا یو ښیګړه وی، سرکاری افسرانو سره به هم ښیګړه وی، ممبرانو سره به هم ښیګړه وی، د اسمبلئ سیکرټریټ او منسټرز سره به هم ښیګړه وی، نو دغه زما ریکویسټ وو چې کومه ایشو په هغه ورځ باندې د هغې نه خدائے مه کړه که یو ډیر لوئے قیامت، مصیبت جوړیږی، هغه د په ایمرجنسی توګه راوستے شي، باقی چې دا کوم ایشوز دی، دا که په ایجنډا کښې وی نو د هغې لږ څه په قانون باندې صحیح طریقې سره جواب اوشي۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: سلطان خان، دا دا پوائنټ آف آرډر چې اوچتوی، زمونږه د خپل ګورنمنټ ممبرز ئے هم اوچتوی، اپوزیشن ئے هم اوچتوی او چې کله د چیئر نه پرې یو رولنګ راشي نو هغه بیا Bounding وی، نه په دې باندې ما هغه کړے دے او د چیئر د رولنګ او د دغه ئے کړے دے او دغه ئے نه دے کړے، ډیټیلز ئے نه دی Provide کړی نو دا شے غلط دے۔ کله چې چیئر نه یو شے اووتلے

شی، دا شے بہ بالکل ناقابل برداشت وی، دا شے بہ زہ برداشت کوم نہ، دا ډیټیلز ما دوہ ورځو کښې غوښتی وو، ان شاءاللہ مالہ دوہ ورځو کښې پکار دی، تھینک یو۔ جناب لطف الرحمان صاحب۔

جناب لطف الرحمان: شکریہ، جناب سپیکر۔ نگہت اورکزئی صاحبہ نے ایک اہم پوائنٹ اٹھایا، یہ ہمارے لئے انتہائی اہم ہے۔ سب سے پہلے تو ہم اس کی جتنی بھی مذمت کر سکتے ہیں وہ کم ہے، آج ہماری حالت وہاں پر پہنچی ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: امجد صاحب! آپ باتیں کر رہے ہیں، آپ کی آوازیں۔

جناب لطف الرحمان: مسجد میں ہم شوٹنگ کی اجازت دیتے ہیں۔ جناب سپیکر! ہم نے اس پاکستان کو بنایا، ہم نے اس پاکستان کی بنیاد اس بات پر رکھی تھی، میں اس بحث میں نہیں جانا چاہتا، دو قومی نظریئے کی بنیاد پر ہم مسلمان ہندوؤں کے ساتھ نہیں رہ سکتے، اس کیلئے ہم نے الگ ملک بنایا کہ جس میں ہمارا اپنا اختیار ہو گا، اس میں اسلام ہو گا، اسلامی نظام ہو گا، اس کا نام ہم نے اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا، یہ ہمارے آئین کی بنیاد پر اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے۔ جناب سپیکر! پھر ہم نے اس ملک کیلئے آئین بنایا، آئین بھی ایسا کہ اسلام اور قرآن کے خلاف کوئی قانون آپ نہیں بنا سکتے، تو آپ مجھے یہ بتائیں کہ آج ہم کہاں پر کھڑے ہیں؟ اگر آپ مغربی دنیا میں بھی چلے جائیں تو وہ بھی اگر Church میں کوئی شوٹنگ ہو رہی ہو گی تو وہ بھی مذہبی بنیاد پر شوٹنگ ہو گی لیکن اب ہمارا یہ عجیب ملک ہو گیا جس کو ہم نئے پاکستان سے تعبیر کرتے ہیں جناب سپیکر! جس پر ہم نے ہمیشہ اس اسمبلی کے فلور پر بھی ہم نے بارہا بات کی کہ یہ جو تبدیلی کا نعرہ آپ لگاتے ہیں نا، یہ تبدیلی بنیادی طور پر آپ کی تہذیب کی تبدیلی کا مسئلہ ہے، بنیادی طور پر آج ہم یہاں پر پہنچ گئے کہ ہم مسجد میں جا کے گانے ریکارڈ کرتے ہیں، اس میں ڈانس کرتے ہیں، اس شوٹنگ کی اجازت مسجد میں برملا اس کو ملتی ہے، فلم کے لوگ آتے ہیں، اداکار لوگ آتے ہیں، اس میں وہ ڈانس کر کے اپنی شوٹنگ کر کے چلے جاتے ہیں، مسجد میں ہمارا ایمان، ہم مسلمان، ہمارا ملک مسلمانوں کا اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے، اس پر ہم آج یہاں پر کھڑے ہیں جہاں تصور نہیں ہو سکتا تھا، جہاں کوئی جرات نہیں کر سکتا تھا کہ کوئی مسجد میں اس قسم کی کوئی شوٹنگ ہو سکے، تو وہاں کھلے عام اس میں شوٹنگ بھی ہو رہی ہے، بڑے مزے سے سوشل میڈیا پر بھی دیا جا رہا ہے کہ دیکھیں ہم نے مسجد میں یہ شوٹنگ کی ہے، یہ ہم نے وہاں پر ڈانس کیا اور یہ گانا ہوا۔ ہم آج کس جگہ پر کھڑے ہیں، ہماری غیرت ایمانی کہاں پر گئی؟ ہم جہاں پر اللہ کیلئے روز سجدہ لگاتے ہیں، جہاں ہم بیٹھ کر دعا مانگتے ہیں، جہاں ہم اس ملک کیلئے دعا مانگتے ہیں، وہاں ہمیں اس مسلمان

ملک کیلئے جہاں ہم پوری دنیا کے مسلمانوں کیلئے دعا مانگتے ہیں، جہاں پر عبادات ہوتی ہیں، وہاں پر ہم ڈانس کریں اور لوگوں کو یہ دکھائیں کہ کچھ بھی مسجد میں ہو سکتا ہے، مسجد اس کیلئے بھی استعمال ہو سکتی ہے، تو میرے خیال میں یہ شرم کا مقام ہے، ہمیں ڈوب مرنا چاہیئے کہ اگر ہمارا ایمان یہاں تک پہنچے کہ ہم اس کی بھی اجازت دیں کہ اس میں اس طرح کے کام ہو سکیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، تھینک یو جی۔

جناب لطف الرحمان: جناب سپیکر! اس پر ہماری طرف سے بھرپور طور سے اسمبلی سے ایک قرارداد جانی چاہیئے مذمت کی، بھرپور انداز میں جانی چاہیئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس پر یہ پوائنٹ آف آرڈر پر بات تھی جس طرح لطف الرحمان صاحب نے کہا۔

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، لطف الرحمان صاحب نے کہا ہے کہ آپ ایک جوائنٹ ریزولیوشن لے آئیں، اس پر ہم بات کر لیں گے، اس لئے پوائنٹ آف آرڈر پر ایک منٹ میں بات کریں۔ عنایت صاحب! ایک منٹ میں۔

جناب عنایت اللہ: ایک تو میں جناب لطف الرحمان صاحب اور نگہت اور کزئی بی بی نے مسجد کے اندر شوٹنگ کا مسئلہ اٹھایا ہے، ایک میل اور فی میل اداکارہ کی طرف سے جو ہوا، میں مذمت بھی کرتا ہوں اور ان کے ریمارکس کو Endorse بھی کرتا ہوں، مولانا لطف الرحمان صاحب اور نگہت اور کزئی صاحبہ کی اس تجویز کو بھی Endorse کرتا ہوں کہ ایک مذمتی قرارداد یہاں سے جانی چاہیئے، لیکن میں چاہونگا کہ اس مذمتی قرارداد کے اندر مسجد کی بے حرمتی کے خلاف ایکشن لینے کا مطالبہ کرنا چاہیئے، یعنی مذمت خالی خولی مذمت سے کام نہیں چلے گا کیونکہ یہ واقعہ اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ ہے، کبھی پاکستان کے اندر یہ بات رپورٹ نہیں ہوئی ہے کہ مسجد کے اندر جا کر فلم کیلئے شوٹنگ کی گئی ہو، اس کے اندر میوزک اور ڈانس کیا گیا ہو، یہ بات پہلی مرتبہ مملکت خداداد پاکستان کے اندر ہوئی ہے۔ ہمارے ہاں Laws موجود ہیں، Constitution ہے جس میں ہمارے مقدس مقامات کی Protection کی گئی ہے، اس کی حرمت کے Laws موجود ہیں، ان کو ایکشن میں لے آئیں، ہمیں یہاں سے مطالبہ کرنا چاہیئے کہ میں سمجھتا ہوں اس میں ہم سب اکٹھے ہیں، یہ جو سامنے والے بیٹھے ہیں، یہ بھی مسلمان ہیں، ہم سب مسلمان ہیں، اس میں

سب اکٹھے ہیں، ہمیں Jointly قرارداد ایسی Design کرنی چاہیئے کہ یہاں سے کوئی ایسا میسج چلا جائے کہ پنجاب حکومت اس پر ایکشن لے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وافرادی قوت): جناب سپیکر! میرے خیال سے مسجد جو ہے وہ اللہ کا گھر ہے، ہم سارے مسلمان ہیں، اس کا احترام ہم پر فرض ہے۔ یہ جو واقعہ ہوا ہے اس کی گورنمنٹ کی سطح پر بھی مذمت ہوئی، اچھا ہوا کہ آج اپوزیشن نے بھی بات کر لی، ہم بھی اس کی مذمت کرتے ہیں، حکومت نے پہلے اس کی انکوائری کا حکم دے دیا ہے کہ جو بھی اس میں ملوث ہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ ان کے خلاف ایکشن ہوگا، اس لئے کہ مساجد کی بے توقیری کی کسی کو اجازت نہیں دی جا سکتی، نہ اس چیز کو برداشت کیا جا سکتا ہے کہ مساجد کے اندر ناچ گانے ہوں، کیونکہ وہ اجازت اس لئے نہیں ملی تھی، اس سے پہلے بھی کئی فلموں کے اندر اس کے اندر مساجد کو دکھایا گیا ہے، جو نکاح کا Process ہوتا ہے وہ دکھایا جاتا تھا لیکن انہوں نے اس کو غلط استعمال کیا، میں سمجھتا ہوں کہ بہت بڑی سازش ہوئی ہے، یہ ریاست کے خلاف بھی اور اسلام کے خلاف بھی بہت بڑی سازش ہوئی ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا نوٹس لے لیا گیا ہے، میں اس شرمناک حرکت پر اس کی مذمت بھی کرتا ہوں اور سخت سے سخت سزا دی جائے گی۔ یہ جو قرارداد لانا چاہتے ہیں، مل کر ان شاء اللہ تعالیٰ اس اسمبلی سے قرارداد لائیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس طرح ہے کہ لطف الرحمان صاحب، نگہت اورکزئی صاحبہ، عنایت صاحب اور تمام حکومتی اراکین شوکت یوسفزئی! آپ ایک جوائنٹ ریزولیوشن لے آئیں، اسمبلی میں پیش کریں۔

جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب ڈپٹی سپیکر: معزز اراکین اسمبلی! ملک شاہ محمد خان وزیر ٹرانسپورٹ کی جانب سے بی آر ٹی بس سروس پشاور کیلئے Recharge cards آپ کو تحفے کئے جاتے ہیں جو آپ کے ٹیبل پر آپ کو مل گئے ہونگے،

Item No. 8: Minister for Law, on behalf of honorable Minister, to please introduce before the House the Khyber Pakhtunkhwa, Law.

جناب نثار احمد: جناب سپیکر صاحب، دا ایجنڈا کمپلیټ کړئ ځکه چې بیا به د کورم نشاندهي اوشي نو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کمپلیټ کوؤ ئے جی، نه به ئے کوی، نه به ئے دغه کوی، د کورم دغه به نه کوی جی۔

Ji, honorable Minister for Law, honorable Minister for Law.

جناب نثار احمد: دا منسټران بیا لاړ شی او ایجنډا پاتې شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: زه ناست یم جی، زه ناست یم، نه به ځی، زه Surety درکوم، نه به ئے څوک کوی۔ جی، آئٹم نمبر 8۔

ترمیمی مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا وقف جائیداد مجریہ 2020 کا متعارف کرایا جانا

Mr. Sultan Muhammad Khan (Minister for Law): Thank you, Mr. Speaker. I wish to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Waqf Properties (Amendment) Bill, 2020, in the House.

Mr. Deputy Speaker: It stands introduced.

تحریک التواء

Mr. Deputy Speaker: Item No. 6: Mr. Inayatullah Khan, MPA, Mr. Sirajuddin, MPA and Ms. Humaira Khatoon, MPA, to please move their joint Adjournment Motion No. 178, in the House. Mr. Inayatullah Khan Sahib.

جناب عنایت اللہ: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد وانضباط مجریہ 1988 کے قاعدہ 69 کے تحت اس معزز ایوان میں ایک انتہائی اہم اور فوری عوامی نوعیت کے مسئلہ سے متعلق تحریک التواء پیش کرتا ہوں جو کہ سوات موٹروے کے فیز II کی منظوری اور اس منصوبے میں چکدرہ، دیر تا شندور اور اپر چترال کو شامل نہ کرنے سے عوام میں پائے جانے والی شدید تشویش اور اضطراب سے متعلق ہے۔

جناب سپیکر صاحب، چکدرہ تا اپر چترال روڈ چونکہ سی پیک کا متبادل روڈ بھی ہے، اس لئے اس منصوبے کو سوات موٹروے کے فیز II میں شامل نہ کرنے سے دیر پائین، دیر بالا اور ضلع باجوڑ کے عوام میں شدید تشویش اور اضطراب پایا جاتا ہے۔ سوات موٹروے کے فیز II میں چکدرہ تا اپر چترال روڈ کو شامل نہ کرنے سے متعلق وزیر مواصلات اس معزز ایوان کو اصل حقائق سے آگاہ کریں اور ہماری اس تحریک التواء کو بحث کیلئے منظور کیا جائے تاکہ چکدرہ تا شندور دیر اپر، چترال کو سوات کے موٹروے کے فیز

II میں شامل نہ کرنے کے نتیجے میں عوام اور بالخصوص دیر پائین، دیر بالا اور باجوڑ کے مکینوں میں پائی جانے والی تشویش کا سد باب ممکن ہو سکے۔

جناب سپیکر صاحب، میں سمجھتا ہوں کہ میں اس پر بات کرونگا اور جو میرے ساتھ Co movers ہیں وہ بھی اس پر بات کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عنایت صاحب، تاسو ایڈجرنمنٹ موشن پیش کړو، تاسو که پرې بحث کول غواړئ نو۔

جناب عنایت اللہ: نہیں، میں اس کو Explain تو کروں نا، میں Explain تو کروں نا، دیکھیں گورنمنٹ اگر اس کو ڈسکشن کیلئے منظور کرتی ہے تو اس پر پھر بحث کی ضرورت نہیں رہے گی لیکن مجھے پتہ ہے کہ ڈسکشن کا وہی حشر ہوتا ہے جس طرح ہمارے ہیلتھ کے حوالے سے، ایل آر ایچ کے حوالے سے اس کا ہوا تھا، مجھے تھوڑا موقع دے دیں، ایڈجرنمنٹ موشن پر Mover تھوڑا اپنا Point of view explain کرتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جلدی کریں۔

جناب عنایت اللہ: میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ ایجنڈے پر اس اہم نکتے کو لے آئے۔ میں حکومت کی توجہ بھی چاہونگا، میں چاہونگا کہ حکومت اس پر سنجیدگی سے Respond بھی کرے، اس کو ڈیبیٹ کیلئے منظور بھی کرے، اس پر ڈسکشن بھی کرے اور یہ جو Region ہے، چکدرہ سے لے کر چترال اپر تک یہ پورا Region ہے جس میں باجوڑ بھی ہمارے ساتھ Connected ہے، اس پورے Region کے حوالے سے یہ بات ہمیں بتائی جاتی ہے، جب سویت یونین کے ساتھ ایک جنگ تھی تو اس وقت بھی ہمیں بتایا جا رہا تھا کہ یہ Strategically بڑا Important ہے اور اگر اس علاقے کے اندر Connectivity ہو گی تو Connectivity کے نتیجے میں ہم سنٹرل ایشیاء کے ساتھ Link ہو جائیں گے اور Via شندور چائنا کے ساتھ Link ہو جائیں گے۔ اس کے نتیجے میں اس پورے علاقے کے اندر ایک انقلاب آ جائے گا کیونکہ ہماری جو تجارت ہے، اس کیلئے راستے کھل جائیں گے، یہ اس کی ایک Importance ہے۔ دوسری Importance یہ ہے کہ اس پورے Region کے اندر ٹورازم کا Potential موجود ہے، اس پورے Region کے اندر Minerals کا Potential موجود ہے، اس پورے Region کے اندر Hydle کا Potential موجود ہے، ان ساری چیزوں کو Explore کرنے

کیلئے یہ ضروری ہے کہ یہاں کا Infrastructure Road infrastructure developed ہو۔ تیسری بات یہ ہے کہ یہاں بے روزگاری ہے، لوگوں کی بے روزگاری کیلئے واحد راستہ یہ ہے کہ یہاں Economic activity generate ہو اور Economic activity کی Generation کے نتیجے میں یہاں لوگوں کو روزگار ملے۔ جناب سپیکر صاحب، جب نواز شریف کی حکومت میں سی پیک کے اوپر ڈسکشن ہو رہی تھی، آپ کو یاد ہوگا، میرے کیبنٹ کے Colleagues کو بھی یاد ہوگا کہ پرویز خٹک صاحب اس وقت کے وزیر اعلیٰ تھے، میں ان کا ممنون ہوں، مشکور ہوں کہ اس وقت انہوں نے اس بات پر Stand لیا، سی پیک کے حوالے سے Stand لیا اور انہوں نے ہمارے Alternate route کے حوالے سے ہم نے مطالبہ کیا تھا، ملاکنڈ ڈویژن کے لوگوں نے سی پیک کے Alternate route کا مطالبہ کر دیا۔ پھر پرویز خٹک صاحب 6th GCC Meeting میں گئے اور 6th GCC Meeting کے اندر Chinese کے سامنے اس کی ویڈیو ریکارڈنگ موجود ہے، اس کے Minutes موجود ہیں، پرویز خٹک صاحب اور احسن اقبال نے مل کر ہمارے لوگوں کو یہ کہا تھا کہ آپ کا Alternate route منظور ہو گیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! ہمیں کہا جاتا ہے کہ وہ آپ کی Documents کے اندر موجود ہی نہیں ہے، میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ یہ جو 18-2017 کی PSDP ہے، یہ اس Page کی میں نے فوٹو کاپی لی ہوئی ہے، یہ گلگت، شندور، چکدرہ، چترال روڈ سی پیک کیلئے بائیس ہزار ملین روپے ہیں اور یہ 19-2018 میں صفہ نمبر 104 پر ہے۔ جناب سپیکر صاحب! میں یہ بتانا چاہتا ہوں، ایک یہ بات ہے کہ سی پیک کا کہیں ذکر ہی نہیں ہے، یہ بات درست نہیں ہے، یہ ریکارڈ اس کو سپورٹ نہیں کرتا ہے۔ دوسری بات جو میری اس ایڈجرنمنٹ موشن کا دوسرا حصہ ہے، وہ یہ ہے کہ یہ سوات موٹروے جو تھا وہ چکدرہ تک بنا تھا، چکدرہ تک فیز ون تھا، جب فیز ٹو نہیں بنا تھا اس وقت اس اسمبلی کے اندر ہم نے مطالبہ کیا تھا، میں نے اپنی بجٹ سپیچ کے اندر مطالبہ کیا تھا، ہمارے Region کے لوگوں نے مطالبہ کیا تھا، پچھلے سال ایک آل پارٹیز کانفرنس کے اندر ہم نے مطالبہ کیا تھا کہ جب آپ اس کا فیز ٹو بنائیں گے تو اس فیز ٹو کے اندر آپ ہمارے اس Region کو بھی شامل کریں، ہمارے اس Region کو شامل کریں گے تو اس کے نتیجے میں آپ ویسے بھی Beauty بھی کرتے ہیں، اس کے نتیجے میں ایک یہاں پر خوشحالی آئے گی، اس پورے Region کے اندر ترقی آئے گی، یہ اس وقت ایک Popular demand ہے، اتنی Popular demand ہے کہ تین چار مرتبہ Twitter پر اس کا Trend بن چکا ہے، اس پر آل پارٹیز کانفرنسز ہو رہی ہیں، اس پر

مختلف لوگ اکٹھے ہو کر احتجاج کر رہے ہیں جناب سپیکر صاحب، اس میں پی ٹی آئی کے دوست بھی موجود ہیں یعنی پی ٹی آئی کے نوجوان، انہوں نے اپنا الگ ایک گروپ بنا کر Twitter وغیرہ پر ایک Net working کر کے وہ اس مسئلے کو اٹھا رہے ہیں، اس لئے میں حکومت سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس کو ڈیبیٹ کیلئے بھی منظور کیا جائے اور میں بھی ان سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ یہ کوئی سیاسی بنیادوں پر یہ نعرہ ہم نہیں اٹھا رہے ہیں، آپ اگر ہماری ان دو چیزوں کو Accommodate کریں گے، ہم آپ کی بات کو ویلکم بھی کریں گے۔ جس وقت کامران بنگش نے خیبر پختونخوا کے دو پراجیکٹس کی Approval کی نوید یہاں سنائی تھی، میں نے ان کو مبارکباد دی تھی، میں نے کہا تھا کہ میں سوات موٹروے پر خوش ہوں لیکن میرے لئے یہ خوشی ادھوری ہے، یہ مکمل تب ہی ہو گی کہ جب یہ میرا باقی جو Region ہے ہمارا یہ اس میں شامل ہو جائے گا۔ میں بڑے Positive, constructive spirit میں یہ بات کرتا ہوں، میں حکومت سے Expect کرتا ہوں کہ اس Tone میں مجھے جواب دے گی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی ٹھیک ہے۔ جناب سراج الدین صاحب، محترمہ حمیرا خاتون صاحبہ۔

<u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں یہ سمجھتی ہوں کہ نہایت ایک اہم ایشو ہے اور یہ صرف اپوزیشن کی طرف سے اٹھایا گیا ایشو نہیں ہے بلکہ اگر دیکھا جائے تو آپ کے ملاکنڈ ڈویژن کے بیشتر NAs اور PKs پر جو پی ٹی آئی کی گورنمنٹ ہے، وہاں کی حکومت ہے، میرے خیال میں ملاکنڈ ڈویژن کے سارے عوام کی نظریں آپ کے اس فیصلے اور اس مثبت فیصلے کی طرف لگی ہوئی ہیں کہ آپ چکیاتن تا کمراٹ ایکسپریس وے کا بنانا اور کالام تا سوات اور چترال اپر دیر، لوئر دیر کو سی پیک کے روٹ میں شامل کرینگے۔ اس کے ساتھ ساتھ اگر ہم دیکھیں تو ملاکنڈ ڈویژن چونکہ ایک پہاڑی علاقہ ہے، جب ہم دیکھتے ہیں تو وہاں میں اس کو اس Angle سے دیکھ رہی ہوں کہ وہاں کی اکثر و بیشتر خواتین جو ہیں وہ سینکڑوں کی تعداد میں اپنی زندگی اور موت کی کشمکش میں ہوتی ہیں، جب ان کو نیچے کی طرف لایا جاتا ہے، ان بڑے ہاسپٹلز میں لانے کیلئے جب ان کو روانہ کیا جاتا ہے تو ان میں سے اکثر و بیشتر خواتین راستے میں ہی دم توڑ دیتی ہیں کیونکہ ہمیں پتہ ہے کہ وہاں پر صحت کی سہولیات اس لحاظ سے موجود نہیں ہیں۔ دوسرا جو ایک بہت بڑا ایشو ہے، وہ وہاں پر مستقل ٹریفک جام ہونا جو کہ ان سڑکوں کے اوپر اس تنگی کی وجہ سے ٹریفک جام رہتا ہے، اس ٹریفک جام کی وجہ سے اکثر و بیشتر وہاں پر بہت بڑے بڑے ایکسیڈنٹ ایسے ہو رہے ہیں کہ وہاں پر اب معمول زندگی بنتا جا رہا ہے کہ ہر دوسرے تیسرے گھر میں ایک ایکسیڈنٹ ہوتا ہے، وہاں پر بچے اور جوان

کے لوگ ہوتے ہیں وہ اپاہج و معذور اور ڈیتھ کی صورت میں ان کو مشکلات کا سامنا ہے۔ دوسرا جو ایک اہم ایشو ہے، وہ جناب عنایت اللہ صاحب نے بڑی تفصیل سے بتایا ہے کہ یہ ہمارے اس صوبے کیلئے جو ہم روزانہ یہ رونا رو رہے ہیں کہ ہمارا صوبہ پچھلے پانچ چھ سالوں سے نہایت ایک دہشت گردی کے طوفان سے گزرا ہے، اس کیلئے یہ Kumrat Gateway منصوبہ جو ہے، منظور کرنا، یہ ہمارے لئے ایک تازہ ہوا کا جھونکا ہوگا، اس لئے کہ یہ ہماری Youth کیلئے وہ Gateway ثابت ہوگا، آنے والی ہماری نسلوں کی بہتر بنیادیں اس سے مستحکم ہونگی۔ جناب سپیکر صاحب، یہ میری آپ سے دلی گزارش ہے کہ میرے خیال میں اس کو اپوزیشن کے Perception میں لینے کے بجائے اس کو Collectively لیکر اور اس پر سنجیدہ سے غور و فکر کرکے ہم یہ امید رکھتے ہیں کہ ان شاء اللہ اس پر حکومت ہمارا بھرپور ساتھ دے کر اس کی منظوری کی نوید سنائے گی۔ شکریہ۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Minister Concerned, to respond.

<u>جناب کامران خان بنگش (معاون خصوصی برائے اطلاعات و بلدیات)</u>: مسٹر سپیکر، شکریہ۔ On behalf of government ہم اس ایڈجرنمنٹ موشن کو سپورٹ کرتے ہیں لیکن تھوڑا سا چونکہ عنایت اللہ صاحب نے بڑا، وہ میرے سینیئر بھی ہیں، انہوں نے کافی ڈیٹیل میں اور Positively باتیں کیں، اس پر تھوڑا سا گورنمنٹ کا موقف بھی آجائے تو Clarity ضروری ہے۔ آج اس حوالے سے چونکہ میٹنگ ہوئی ہے، لوئر اور اپر دیر کے ایم پی ایز اور ایم این ایز صاحبان بھی میرے ساتھ تھے، پریس بریفنگ بھی ہم نے کی ہے، عنایت اللہ صاحب نے جو Facts بتائے ہیں وہ تھوڑا سا ضروری ہے کہ 2016 میں PSDP میں یہ پراجیکٹ Reflect ہوا اور وہ Unapproved رہا، 2016 میں PSDP میں سی پیک کے نام سے یہ پراجیکٹ صرف Eye wash کیلئے ڈالا گیا، ٹھیک ہے جی، 2017 کے آپ نے Facts and figures بتائے ہیں، 2017 میں بھی یہ Unapproved رہا، 2018-19 میں یہ PSDP کا حصہ ہی نہیں تھا، میں نے آج جو PSDP documents دیکھی ہیں، 2018-19 میں یہ پراجیکٹ Add نہیں ہے۔ جب نون لیگ کی حکومت ختم ہو رہی تھی تو انہوں نے جو آخری بجٹ اپنا پیش کیا، اس میں یہ پراجیکٹ Add ہی نہیں تھا وہ ڈراپ ہوگیا تھا۔ 2019 میں جب ہماری گورنمنٹ آئی، پاکستان تحریک انصاف کی وفاقی حکومت آئی تو اس میں عنایت اللہ صاحب کی معلومات کیلئے یہ PSDP project میں Add ہوا جو کہ Rehabilitation of road from Chakdara to Chitral یہ NHA کی طرف سے Add ہوا اور ایشین بینک کے تعاون سے NHA نے اس کو Execution کے فیز میں اب

Procurement start ہو گئی ہے، یہ وہی روٹ ہے، اس کا جو Existing road ہے اس کی Rehabilitation ہے۔اب آج کی جو Updated situation ہے کہ 2020 میں ہی پرائم منسٹر نے PSDP plus ایک Initiative شروع کیا، یعنی Public Sector Development Project, PSDP plus،اس کا مقصد یہ تھا کہ Obviously پبلک سیکٹر نے بھی اس میں اپنا شیئر ڈالنا ہے لیکن Majority جیسے سوات موٹر وے، سوات ایکسپریس وے فیز ون اور فیز ٹو وہ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ سے ہونا ہے،اس Analogy پر جس طرح پشاور ڈی آئی خان موٹر وے وہ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کا ایک پورا میکنزم ہے اور Luckily جیسے Last time ہم نے اناؤنس بھی کیا، سوات ایکسپریس وے جو ہے، Last ECNEC سے Approval بھی اس کی آئی ہے تو Same analogy پر اس پراجیکٹ کے بارے میں فیڈرل گورنمنٹ سے خیبر پختونخوا حکومت کو انسٹرکشنز آئیں سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کو کہ آپ اس بارے میں Alternate route آپ رکھ لیں، So ایک جو سی پیک کی Confusion ہے، سی پیک سے یہ پراجیکٹ ڈراپ ہوا تھا، Last Federal Government کی Term میں PSDP میں Reflect نہیں ہوا تھا، 2018-19 کی PSDP میں، So ایک یہ زیادہ ضروری ہے اور اس کے Against ہماری وفاقی حکومت نے NHA کے Through Exim Bank کوریا کے تعاون سے، Exim Bank کے تعاون سے اس پراجیکٹ کو اب وہ Procurement کے فیز میں ہے، یعنی Execution اس کی Almost start ہونے والی ہے، تو ایک وہ سی پیک والا زیادہ ضروری ہے، دوسرا وہ فیڈرل گورنمنٹ کی PSDP plus سے خیبر پختونخوا حکومت کو انسٹرکشنز آئیں کہ آپ Alternate routes define کر لیں چکدرہ ٹو دیر، اس پر Preliminary ایک Working ہوئی، Preliminary study conduct ہمارے PHA نے اور اس کے تحت تین Routes انہوں نے Indentify کر لئے جو آج ہمیں Present ہوئے، ان تین Routes کے علاوہ انہوں نے یہ Propose کیا کہ یہ تو Preliminary study ہے اور اس کی Technical viability دیکھنے کیلئے ہم Consultants کو Hire کر لیں گے، So آج وزیر اعلیٰ صاحب نے اس کی In Principle Approval دے دی ہے (تالیاں) جو Feasibility conduct ہوگی اور پھر ہم وہ Submit کرینگے On the analogy of جو سوات ایکسپریس وے فیز ون، ٹو اور پھر پشاور ڈی آئی خان موٹر وے، اس کی Analogy پر ہم فیڈرل گورنمنٹ

کے ساتھ اس کو Take-up کرینگے لیکن آج اس کی In Principle Approval ہو گئی ہے، یہ ایک خوشخبری ہے کہ خیبر پختونخواحکومت نے اور فیڈرل گورنمنٹ نے اس کے اوپر بہت پہلے سے کام شروع کیا تھا، So یہ Clarity تھوڑی سی ضروری ہے کہ ایک NHA جو کام کر رہا ہے وہ زیادہ ضروری ہے، ایک سی پیک کا جو Historic اس کی Clarity ہے وہ ضروری ہے تاکہ Residents کو بھی یہ پتہ چلے، اس ہاؤس کے ممبرز کو بھی یہ پتہ چلے کہ یہ Last Government نے ڈراپ کیا تھا اور اس کے Alternate میں NHA جو ہمارا فیڈرل کا Communication Department ہے، انہوں نے یہ 230 کلومیٹر کا پراجیکٹ دیا تھا، جو چکدرہ سے چترال تک جو Existing road ہے، اس کی Full rehabilitation اور وہ Exim Bank کے تعاون سے Final stages میں ہے، اس کی Procurement start ہو گئی ہے، So یہ تھوڑی سی Clarity ضروری ہے، Otherwise, we support the Adjournment Motion and we will discuss in detail about it.

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میں Put کرتا ہوں، Is it the desire of the House، نہیں، میں نے کوئی، جب ڈسکشن کیلئے عنایت صاحب، آ جائیں اور وہ Agree کر لیں۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ایک منٹ عنایت صاحب، پھر ڈسکشن کیلئے، آج ہی ڈسکشن کرنا چاہتے ہیں تو پھر میں ڈسکشن کیلئے، جب انہوں نے Agree کر دیا عنایت صاحب! جب وہ ڈسکشن کیلئے Agree ہو گئے تو پھر اس پر ڈسکشن ہو گی، پھر اس دن ان کو بتا دیں۔

Is it the desire of the House that the Adjournment motion, moved by the honorable Member, may be admitted for detailed discussion in the House under rule 73 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: The 'Ayes' have it. The Adjournment motion is admitted for detailed discussion.

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Item No. 7. Mr. .Shakeel Bashir Khan, call attention notice No. 1184.

جناب شکیل بشیر خان: Thank you, Sir. میں وزیر برائے آبپاشی کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ لوئر سوات کینال جس کا تقریباً بیس کلو میٹر بہاؤ ضلع چارسدہ کی حدود میں واقع ہے اور دریا کے کنارے Wheel Guard نہ ہونے کی وجہ سے آئے روز حادثات رونما ہوتے ہیں جس کی وجہ سے کئی دفعہ قیمتی جانوں کا ضیاع بھی ہوا ہے۔ اس کے علاوہ متعلقہ نہر سے اہل علاقہ کی فصلوں اور زمینوں کو بھی نقصان پہنچ رہا ہے، لہذا حکومت وقت متعلقہ نہر پر اور خصوصاً ضلع چارسدہ میں واقع حدود پر Wheel Guard تعمیر کر کے اہل علاقہ کا دیرینہ مطالبہ پورا کرے تاکہ آئے روز کے حادثات سے بچا جا سکے اور دوسری جانب علاقے کے کاشتکاروں میں ہونے والی بے چینی کا خاتمہ ہو۔

جناب سپیکر! یہ ایک ضروری اور اہم مسئلہ ہے، Safety grill نہ ہونے کی وجہ سے آئے روز حادثات ہوتے ہیں جس کی وجہ سے جان و مال کا نقصان ہو رہا ہے، اس لئے میں آپ کی وساطت سے منسٹر صاحب سے گزارش کرونگا کہ اس کینال پر Safety grill لگانے کیلئے آئندہ اے ڈی پی میں شامل کیا جائے تو بڑی مہربانی ہو گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب۔

وزیر محنت وافرادی قوت: شکریہ، جناب سپیکر۔ انہوں نے پہلے سے کہہ دیا کہ Next ADP میں شامل کر لیا جائے کیونکہ یہ Proposed ہے، یہ چونکہ سات سو ملین کا بہت بڑا پراجیکٹ ہے اور یہ تقریباً 23 کلو میٹر چارسدہ میں ابازئی سے شروع ہوتا ہے، یہ بالکل زیر غور ہے، ڈیپارٹمنٹ کیلئے وہ تھوڑا جو فنڈنگ کا ایشو آ رہا ہے جو فنڈ کے Source وہ تلاش کر رہے ہیں یا تو اے ڈی پی میں ڈال دیں گے یا کوئی Foreign donors مل جائیں تو اس پر Already کام ہو رہا ہے کیونکہ اس میں دونوں طرف کی جو سڑکیں ہیں وہ کشادہ کرنی ہیں، نہری نظام کو مزید بہتر کرنا ہے، ایک لاکھ چونتیس ہزار کم از کم یہ جو تین ڈسٹرکٹس ہیں، وہاں ہیکٹرز مین اس سے سیراب ہو گی، تو میرے خیال سے اچھا پراجیکٹ ہے، اس پر کام ہو رہا ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Mr. Waqar Ahmad Khan, MPA, to please move his call attention notice No. 1191.

جناب وقار احمد خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ ہمارے صوبے میں ڈاکٹرز کے جنرل اور مینجمنٹ کیڈر میں پروموشنز کے گریڈ سترہ، اٹھارہ، انیس، بیس کے کیسز پچھلے دو تین سالوں سے تمام لوازمات مکمل ہونے کے باوجود التواء کا شکار ہیں، کورونا وباء میں ڈاکٹروں کی قربانیوں کو دیکھ کر یہ ان کے ساتھ زیادتی ہے، لہذا

آپ کے توسط سے میری گزارش ہے کہ ڈاکٹرز کا یہ مسئلہ فی الفور حل کیا جائے تاکہ وباء کے دوران یہ مزید ہمت اور دلجمعی سے کام کر کے ہمارے تحفظ میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

جناب سپیکر صاحب! یو منت به غواړم جی، دا تقریباً مینجمنټ کیډر د بیس گریډ چې دی نو باسټھ دی، د ستره او اٹھاره گریډ باره سو دی، د اٹھاره او د انیس گریډ چې دی، دا پانچ سو پچیس (525) دی، د جنرل کیډر ایک سو پچیس (125) دی، دا بیس گریډ او داسې د مینجمنټ کیډر باسټھ دی، اٹھائیس دی او باره دی، نو زما دا ریکویسټ دے چې هر څه ئے تیار پراته دی، دریم کال دے او ریکویسټ ئے ورته بار بار کړے دے، په 11 تاریخ ورته هم ریکویسټ شوے دے، په 11-12-2017 باندې چې PSB دې اوشی او دوئ ته دې پروموشن ملاؤ شی جناب سپیکر صاحب، نو دا کوم حالاتو سره چې دا محکمه مخکښې نه مخ ده او چې کوم حالات Covid-19 په مونږ باندې راغلے دے نو پکار ده چې دا خو د هغې د پاره د دې نه ورسره نور هم زیات مراعات ورله ورکړے شی او زیات توجه ورله ورکړے شی۔ ما یو قرارداد هم جمع کړے دے او امید ساتم چې هغه به راشی، هغه به هم دوئ سپورټ کوی، نو د هیلتھ د دې دغه سره یو خبره کوم جی-----

جناب ڈپٹی سپیکر: دا پوائنټ ستا سو راغلو، ستا سو پوائنټ راغلو۔

جناب وقار احمد خان: نه جی، زمونږ یو ډاکټر صاحب وو، سلیم اقبال ولد عدد حسین اسسټنټ پروفیسر وو، هغه Terminate شو، بیا بحال شو جی او په ډی آئی خان کښې د Covid-19 شکار شو او هغه خپله ډیوټی بیا Join کړې وه، سروس ټریبونل بحال کړے وو جناب سپیکر صاحب، خو زمونږه پراونشل گورنمنټ د هغه خلاف سپریم کورټ ته تلے وو نو هغه اوس شهید شوے دے، نو ستاسو په توسط زما حکومت ته دا ریکویسټ دے چې هغه خپل دغه چې دی، کوم سپریم کورټ نه، هغه دې واپس کړی او هغوی له دې د شهداء هغه پیکج ورکړی، ډیره مهربانی به وی۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond.

جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون): تھینک یو، مسټر سپیکر۔ دا کال اټینشن نوټس وقار صاحب پیش کړے دے او یو خو دیکښې دا خبره Clear کول پکار دی چې

کوم په دې کورونا Crisis کښې خاص کر هسې هم ډاکټران شو يا پيرا ميډيکس شو يا د هيلتھ ډيپارټمنټ يا د Health related facilities سره چې کوم خلق دی نو د هغوی هغه قربانی يا د هغوی خدمات دا په هر يو وخت کښې، مطلب په دې کښې شک نشته دے ، په هغې کښې څه بحث نشته دے ، په هغې باندی ټول د هغې تعريف هم کوی او خلق په دې باندې متفق هم دی، ټول هاؤس په دې باندې متفق دے ، بيا خاص کر چې دا کوم د کورونا دا Crises راغلل او په ديکښې زمونږه د Health related چې څومره خلق دی، هغه که ډاکټران دی، که پيرا ميډيکس دی، که نرسز دی او که نه هغه زمونږ لوئر سټاف دے ، نو هغه ټولو چې کوم کوشش او محنت اوکړو نو هغې ته زما په خيال چې خراج تحسين هم پيش کول پکار دی او د هغوی تعريف هم پکار دے ، نن هم د دغه محنت نتيجه ده چې کوم زمونږه په ملک کښې او زمونږه په صوبه کښې چې د کورونا کيسونه د هغې شرح ډيره زياته ښکته لاړه او کوم چې Death rate دے هغه د دنيا په حساب که ورته اوګورئ نو شکر الحمدلله هغه ډيره کمه پاتې شوه او کوم چې Positivity rate دے ، بلکه زمونږه دننه يا زمونږ په ملک کښې دننه نو هغه هم ډير زيات کم دے او نن د هغې نتيجه ده چې نن زمونږه کاروباونه هم ډير حده پورې واپس کهلاؤ شو، د ايس او پيز سره او زمونږه معاشره واپس رو رو خپل نارمل زندګئ اړخ ته ان شاء لله رواں دواں ده۔ اوس ديکښې په دې پس منظر کښې دا د دوئ چې کوم د پروموشن دا مسئلې دی نو په دې باندې خو هم د حکومت فوکس وو خو په دې حالاتو کښې نور هم حکومت غواړی چې دوئ Facilitate کړی او د دوئ چې کوم دا خدمت کړے دے ، په دې Corona crisis کښې چې د هغې د پاره پورا پورا د نارمل نه يا عام حالاتو نه زيات په دې باندې کار اوکړی۔ جناب سپيکر صاحب! دې وخت کښې چې څومره هم پروموشن کيسز دی، کوم چې وقار خان د هغې اړخ ته اشاره اوکړه نو زه د ډيپارټمنټ د اړخ نه او د حکومت د اړخ نه دا ايشورنس ورکولے شم، وقار خان آنريبل ممبر ته چې په هغې باندې ډير تيز کار مونږه شروع کړے دے او ډير په فوکس باندې مونږ دا کار شروع کړے دے او په ديکښې څه ايشوز وو، د سنيارټی لسټ د نوټيفکيشن پکښې لړه مسئله وه، څه کيسونه پکښې په عدالتونو کښې لګيا دی کيږی، ليجسليشن

شروع دے ، څه د کیټیګری اے هاسپټلز کښې د ډاکټرانو ټریننګ چرته نه دے شوے ، چرته هغه لوازمات پورا شوی نه دی، دې PHSA کښې د ننه د مینجمنټ کیډر د ټریننګ څه ځایونو کښې لږ ډیر ایشوز وو، بیا د هغې نه علاوه دا Personal Evaluation Report چې کوم وی، ACR، نو په څه ځایونو کښې دا نشته دے ، لا رارسیدلی نه دی، نو څه ایشوز دی خو دا ډیپارټمنټ هم دلته کښېRepresented دے ، د ایډمنسټریشن چې کوم ډیپارټمنټ دے هغوی هم ناست دی، د هیلتھ ډیپارټمنټ او د هغې نه علاوه د حکومت د اړخ نه هم زه دا ایشورنس ورکوم چې کوم دا ایشوز ما دلته کښې Point out کړل نو ډیپارټمنټ ته دا سخت هدایات دی او په دې وخت باندې د دې کال اټنشن نوټس په وساطت هم د دې فلور نه دا ډائریکشن زه ډیپارټمنټ ته ورکوم چې دا څومره پنځه شپږ ایشوز دی، په دې باندې فوری طور کار شروع کړئ، ټائم باندې پرې کار شروع کړئ او د دوئ د پروموشن چې دا کوم Process دے دا پورا کړئ، چې ډاکټرانو ته او سټاف ته ریلیف ملاؤ شی او دوئ ته خپل Due promotion ملاؤ شی۔

Mr. Deputy Speaker: Waqar Khan! Satisfied?

جناب وقاراحمد خان: جی بالکل، منسټر صاحب خو ډیر تفصیلی جواب راکړو خو په دیکښې یو لیټر دے چې هغوی کمپلیټ د هر څه ورکړے دے ، چې هر څه Clear دی، په 20-6-2020 دوئ ته ډیپارټمنټ ته شوے دے چې پراونشل سلیکشن بورډ رااوغواړئ او دا دغه پروموټ کړئ، نو زه د منسټر صاحب په دغه باندې مطمئن یم خو جی دا هدایات ورته اوکړئ چې دا کوم لیټر راغلے دے او دا کمپلیټ وی نو دا کوم چې کمپلیټ وی چې دوئ له فوری طور ورشی چې هغوی لږ کوټې هغه خبره چې د خوشحالئ ساه واخلی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان خان! څه تپوس ئے تاسو نه اوکړو جی۔

وزیر قانون: ما خو ایشورنس ورکړو جی، زما په خیال اوس دې لږ صبر اوکړی۔

Mr. Deputy Speaker: Satisfied?

جناب وقاراحمد خان: سر، لږه مهربانی اوکړئ چې----

وزیر قانون: ان شاء الله ساه به واخلئ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټهیک شوه جی، هغه به تاسو ډسکس کړئ۔

وزیر قانون: هغه به اوس د هیلتهٔ والا که څوک هم ناست وی نو زه ورته وایم چې تاسو سره کېښینی چې ان شاء الله دا ایشو سر دست درته هم حل کړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب فضل الهیٰ صاحب چټ ئے رااولیږلو چې زه خبره کول غواړم او اوس پخپله موجود نه دے۔ نعیمه کشور صاحبه، شفیق آفریدی صاحب۔

جناب شفیق آفریدی: شکریہ، جناب سپیکر۔ میرے حلقے میں یہ اے آئی پی پروگرام میں کچھ روڈز کی منظوری ہوئی تھی جس پر باقاعدہ کام بھی شروع ہوا ہے۔اس روڈز کے Right of the way میں کچھ پرابلمز تھے، قبرستان، مسجد وغیرہ دورافتادہ علاقہ ہونے کی وجہ سے ایک ہفتہ پہلے میں نے ہائی وے ڈویژن خیبر کے ایکسیئن اور ایس ڈی او کے ساتھ ایک وزٹ ترتیب دے دیا جس کے اوپر ہم وہاں وزٹ پر گئے لیکن جب ہم وزٹ پر گئے تو ہمارے حلقے کا جو ایم این اے اقبال آفریدی ہے، انہوں نے پھر اس ایس ڈی او اور ایکسیئن کے خلاف ڈیپارٹمنٹ میں پریشر Initiate کیا کہ یہ ادھر کیوں گئے؟ اس کے ساتھ ہی اس کا تبادلہ کیا جائے جناب سپیکر صاحب، پھر ایس ڈی او کا تبادلہ ہو جاتا ہے اس کی شکایت پر، اس سے تو یہ ایک تاثر جاتا ہے کہ اگلے دنوں میں کوئی ڈیپارٹمنٹ بھی ایم پی اے کے ساتھ جانے سے Hesitate کرے گا، ایک تو ایم این ایز کا کوئی دائرہ اختیار معلوم بھی نہیں ہے کہ وہ صوبائی ڈیپارٹمنٹ میں بے جا مداخلت کرتے ہیں اور آئے روز افسروں کے ساتھ جھگڑے بھی کرتے ہیں، اس کے ساتھ مختلف حربے استعمال کرتے ہیں، تو اس سے میرا بھی استحقاق مجروح ہوا ہے، ایس ڈی او کے تبادلے سے میری کوئی غرض نہیں ہے لیکن ہم کس طرح کام چلائیں گے؟ کوئی بھی ڈیپارٹمنٹ میرے ساتھ کام کرنے کیلئے تیار نہیں ہو گا۔ تو میری غرض یہ ہے کہ اس ایس ڈی او کا تبادلہ منسوخ کیا جائے، اس کو ٹرانسفر نہ کیا جائے، ایم این ایز کیلئے اگر کوئی سکیم وغیرہ گورنمنٹ دیتی ہے، اس میں ہماری کوئی وہ نہیں ہے لیکن کچھ تو حدود معلوم ہوں، وہ تو بالکل یعنی پوری گورنمنٹ کو Hijack کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان خان صاحب۔

وزیر قانون: سر، شفیق صاحب ہمارے آنریبل ممبر ہیں، انہوں نے جو بات کی، وہ میرے خیال میں بحیثیت اس ہاؤس کے ممبر ہم سب کیلئے بہت زیادہ Important ہے۔ جو Accelerated Implementation Program ہے جو خاص کر ضم شدہ اضلاع کیلئے وہ تجویز ہوا تھا، اس کا مقصد یہی

ہے کہ نارمل اے ڈی پی سے ہٹ کر ان اضلاع میں چونکہ یہ بہت پیچھے رہ گئے ہیں، بہت Backward اور بہت زیادہ پسماندہ رہ گئے ہیں تو ابھی یہ ہمارے ایک صوبے میں سارے ضم ہو گئے ہیں، ہمارا ایک صوبہ بن گیا، وہ خیبر پختونخوا، تو اس کے پیچھے مقصد یہ بھی تھا کہ اے ڈی پی پراجیکٹ جو ہیں وہ Accelerated طریقے سے یہ پراجیکٹس ہوں اور جلدی جلدی سے ڈیویلپمنٹ ہو تاکہ یہ ضلعے بھی At par آ سکیں، دوسرے Settled جو پہلے سے اضلاع ہیں At par ان کے پاس آ سکیں۔ اب سر، یہاں پر جو ایشو ہے، وہ یہ ہے کہ یہاں پر سکیمز کی نشاندہی کون کرے گا؟ اس میں کوئی شک نہیں، بات یہاں پر نہیں ہے، نہ اس میں کوئی ابہام کی بات ہے، میں تھوڑی سی ڈیٹیل اس لئے آپ کو اور ہاؤس کے سامنے رکھ رہا ہوں تاکہ یہ شکوک وشبہات اگر کسی حکومتی آفیسر کے ذہن میں ہیں، سرکاری آفیسر کے ذہن میں ہیں تو وہ بھی دور ہو جائیں، اس فلور آف دی ہاؤس سے پریس میڈیا میں بھی یہ رپورٹ ہو جائے اور یہ ہاؤس کے ریکارڈ پر بھی آ جائے، جتنی بھی Developmental schemes ہیں، Obviously ان کا ایک طریقہ کار ہے، ان کا طریقہ کار یہ ہے کہ ضلع کو ایک ضرورت ہوتی ہے کسی سکیم کی تو وہ ضلع سے ڈیپارٹمنٹ اس سکیم کو تجویز کرتا ہے اور وہ پہنچتی ہے، پھر اس کے صوبائی دفتر میں، اگر وہاں پر بھی اس کی Approval ہو جاتی ہے اور پھر وہ اے ڈی پی میں یا اے آئی پی میں شامل ہو جاتی ہے، اگر کوئی امبریلہ سکیم ہو گی، تو وہ بھی اسی طریقے سے صوبے میں آگے جا کے وہ پی ڈی ڈبلیو پی میں جاتی ہے یا اگر اس کی رقم کم ہے، Cost کم ہے تو وہ DDWP سے Approve ہوتی ہے، پھر Administrative approval کے بعد جا کے وہ ٹینڈر ہوتی ہے، ٹینڈر کے بعد اس کے اوپر کام شروع ہوتا ہے۔ اب جو ضم اضلاع ہیں، ان میں حکومت کے پہلے دنوں میں ایک کمیٹی ہم نے بنائی، کیبنٹ سے Approve ہو کر اور اس میں DC کے دفتر کو ایک Coordination کا دفتر بنایا گیا، اس میں جو Elected Representatives ہیں تو ان سے Feedback لیکر پھر وہاں سے پراجیکٹ Approve کروا کر یا Suggest کروا کر آگے بھیج دیتے ہیں، اس طریقہ کار کے اوپر تھوڑا سا اعتراض آیا کہ اس سارے Process کو Head کرنا چاہیئے Elected Representatives کو، اور وہاں پر ہماری DDAC کی کمیٹیاں بھی ہر ضلع کے اندر موجود ہیں۔ اس کے علاوہ اگر DDAC کی کمیٹی کے بھی کوئی بھی ممبر میرے خیال میں سب سے زیادہ تو آپ بھی Elected ہیں، ادھر سارے ممبرز جو بیٹھے ہیں Elected Members ہیں، ایک Elected Member سے زیادہ کس کو یہ اندازہ ہو گا کہ اس ضلع کے اندر یا اس حلقے کے اندر یا اس شہر کے اندر یا

اس قصبے کے اندر یا اس گاؤں کے اندر اس پراجیکٹس کی ضرورت ہے؟ مثلاً آپ مجھ سے پوچھیں، تو اگر ضلع چارسدہ کے اندر اگر کوئی DC کہے گا یا کوئی ایکسیئن کہے گا کہ مجھے زیادہ پتہ ہے نہ کہ آپ کو زیادہ پتہ ہے تو میرے خیال میں وہ غلطی پر ہونگے، کیونکہ Elected Members تو ووٹ مانگتے ہیں، وہ لوگوں کے ہر ایک گاؤں میں جاتے ہیں، غمی خوشیوں میں جاتے ہیں، اس کے وہاں پر تعلقات ہوتے ہیں، سارے لوگوں کے ساتھ روابط ہوتے ہیں، روزانہ کی بنیاد پر ہمیں یہ Point out ہوتا ہے کہ یہاں پر یہ کمی ہے، یہاں پر اس پراجیکٹ کی ضرورت ہے، تو سر، کہنے کا مقصد یہ ہے کہ میں نے اتنی لمبی بات اس لئے کہہ دی ہے کہ ان ساری چیزوں کو دیکھتے ہوئے وزیر اعلیٰ صاحب نے پچھلی سے پچھلی کیبنٹ میٹنگ میں ایک ایجنڈا آئٹم آیا تھا، اس کے اوپر بحث ہوئی اور وہ پھر Approve ہو گیا، اس کے بعد وزیر اعلیٰ صاحب نے یہ ڈائریکشنز دی ہیں کہ جو بھی Elective Representatives ہیں، آپ نے Feedback وہاں سے لینی ہے نہ کہ آپ کسی Elective Representative کو اور اس کی Feedback کو آپ Ignore کر دیں، تو اس کے اوپر کوئی ابہام نہیں ہے، میں فلور آف دی ہاؤس سے جتنے بھی ڈیپارٹمنٹس ہیں، خاص کر جو Developmental, Works Departments ہیں، ان کو بھی اور دیگر Lined Departments کو بھی ہر ضلع کے اندر، یہاں سے یہ بات Clear ہونی چاہیئے، فلور آف دی ہاؤس سے میں کر رہا ہوں، حکومت کی طرف سے ذمہ واری کے ساتھ میں کہہ رہا ہوں کہ Elected Representative کی جو Feedback ہے، اس کی Priority number one ہوگی کیونکہ یہ اس کا حق ہے، ووٹ لیکر وہ اس اسمبلی میں آیا ہے، ووٹ لیکر پھر اس نے واپس اپنے حلقے میں جاکر ادھر پھر ووٹ مانگنا ہے اور پھر لوگوں کا سامنا کرنا ہے، براہ کرم میں یہ ڈیپارٹمنٹس سے یہ Strictly کہہ رہا ہوں کہ آپ نے جو بھی Elected Representative کی سکیمز، آپ نے وہی سکیمز بھیجنی ہیں، اگر ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے اس کے علاوہ بھی کوئی Proposal ہے تو وہ بھی بیشک آپ بھیجیں، اس کے اوپر یہاں فورم کے اندر بحث ہوگی، جس سکیم کی ضرورت ہے تو وہ آئے گی۔ سر، یہ تو میرے خیال میں Clear ہو گیا کہ اگر شفیق صاحب سمجھتے ہیں، وہ ہمارے آنریبل ممبر ہیں، کسی بھی ایس ڈی او، ایکسیئن، جو بھی ہے، مجھے پتہ نہیں ہے کہ وہ جس آفیسر کے بارے میں بات کر رہے ہیں، اگر ان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، ان کی بات کو وزن نہ دیا گیا ہے، ان کی بات کو نہیں سنا گیا، تو میں ان سے یہی پھر کہونگا کہ وہ استحقاق لے آئیں، In writing یہاں اسمبلی میں جمع کر دیں، ہم اس کو استحقاق کمیٹی میں بھیج کر اس کے اوپر

پورا دیکھیں گے۔ آخری بات، یہاں پر ایک ایسا سبجیکٹ بھی ہے کہ میرے خیال میں زیادہ اس کے اوپر بات نہیں ہوتی ہے، جو قومی اسمبلی میں ہمارے جو ممبرز ہیں، جو ہمارے صوبائی اسمبلی میں ممبرز ہیں، یہ ذرا سا نازک ایشو ہے کیونکہ وہ بھی ووٹ لیکر Elect ہو کر وہاں پر گئے ہیں، یہاں پر ایم پی ایز بھی آئے ہیں لیکن یہاں پر واضح ہے صوبائی حکومت کے صوبائی ڈیپارٹمنٹس کی ایک واضح Jurisdiction ہے، اسی طرح جو فیڈرل حکومت ہے ان کی ایک واضح Jurisdiction ہے، مثلاً اگر آپ دیکھ لیں تو میرا اور آپ کا کام بھی Elected Member، آپ ابھی Chair پر ہیں لیکن آپ Elected Member بھی ہیں، اگر ہمارا PESCO کے ساتھ کوئی کام ہے تو ہمارا بھی کام آتا ہے لیکن وہ فیڈرل ادارہ ہے، ایم این اے بھی ادھر جاتا ہے، وہ بھی کام کرتا ہے، جو ہمارا سوئی گیس کا ادارہ ہے، SNGPL ہے مثلاً وہ تو فیڈرل ادارہ ہے لیکن ہمارے بھی ادھر کام آتے ہیں، ہم نے بھی وہاں پر عوامی بات کرنا ہوتی ہے، اس طرح کوئی پابندی نہیں ہے، اگر کوئی ایم این اے سمجھتا ہے کہ وہ بھی ہمارے لئے Respectable ہیں، وہ بھی آنریبل ہیں کہ وہ سمجھتے ہیں، اگر کوئی سکیم وہاں پر ڈالنا چاہیں تو علاقے کی بہتری کیلئے وہ بھی Suggest کر سکتے ہیں، ایک عام سیٹیزن بھی Suggest کرتا ہے، کوئی اگر عام شہری ہے، وہ بھی Suggest کرے تو اس کے اوپر بھی کوئی پابندی نہیں، ایم این اے کے اوپر یا کسی اور کے اوپر بھی یہ پابندی نہیں ہے۔ چونکہ میں تو یہی ریکویسٹ کرونگا کہ ہمارے ایم این ایز جو ہیں وہ کوشش عوام کی خدمت کیلئے کرتے ہیں، اگر وہ کوشش کریں کہ PSDP میں سکیمز ڈالیں اور سوئی گیس کی سکیمز ڈلوائیں، واپڈا کے اندر سکیمز ڈلوائیں تو وہ وہاں سے محنت کر کے لوگوں کیلئے حلقے کے لوگوں کیلئے علاقے کے لوگوں کیلئے ترقی لائیں گے، یہاں سے ہم ایم پی ایز جو ہیں، ہم سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ میں، پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں، اریگیشن ڈیپارٹمنٹ میں، ہیلتھ میں، ایجوکیشن میں جو صوبائی سبجیکٹ ہیں یا ہم کوشش کر کے وہ علاقے کیلئے ترقی لے آئیں گے، اس میں کوئی Point scoring یا کوئی جھگڑے کی بات نہیں ہے، ایم این ایز بھی کوشش کریں، ایم پی ایز بھی کوشش کریں، اپنے اپنے اداروں سے یا ڈیپارٹمنٹ سے وہ کوشش کر کے سکیمز لائیں، اگر کوئی ایم این اے PSDP میں کوئی سکیم مثلاً پشاور میں ڈلوادیں، میرے خیال میں آپ اگر پشاور سے Elected MPA ہیں تو آپ خوش ہونگے کہ کسی ایم این اے PSDP کے اندر پشاور کیلئے کوئی پراجیکٹ ڈالا ہوا ہے، ہم شاباش بھی دینگے اور اس کی تعریف بھی کرینگے۔ اس طرح آپ Being a Member of this House یا اس اسمبلی میں اگر آپ کوئی پراجیکٹ ڈالیں گے، سکیم ڈالیں گے تو ان کو بھی شاباش کہنا چاہیئے

اور ان کی بھی تعریف کرنی چاہیئے۔ مقصد یہ ہے کہ عوام کو ریلیف ملے۔ اب سر، میں آخر میں یہی کہونگا کہ شفیق صاحب یہاں پر پریویلج موشن جمع کریں، ان کی شکایت ہے، ایس ڈی او کے خلاف اور وہ پریویلج موشن جمع کریں، اس کو ہم کمیٹی میں دیکھیں گے، اس کے بعد اگر اس کے اوپر یہ چارجز ثابت ہوئے تو پھر ہم آگے جاکر کارروائی بھی کرینگے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان صاحب! آپ نے میرے خیال سے ان کی بات صحیح نہیں سنی، ان کی ایس ڈی او کے خلاف کوئی شکایت نہیں ہے، آپ نے کافی تفصیلی بات کی ہے، آپ نے کافی تفصیلی بات کی ہے، امید ہے کہ شفیق صاحب کی سمجھ بھی آ گئی ہو۔ ایک بات کافی Clear ہے، جب پرویز خٹک صاحب چیف منسٹر تھے تو انہوں نے بھی کہی تھی، ابھی جب محمود خان صاحب چیف منسٹر ہیں تو وہ بھی کہتے ہیں کہ ہر ایم پی اے اپنے علاقے کا چیف منسٹر ہے، (تالیاں) یہ تمام وزیر اعلیٰ صاحبان کی وہ ہے تو ایم این ایز صاحبان بھی ہمارے Colleagues ہیں، وہ بھی اپنے حلقے کے عوام کیلئے کچھ کرنا چاہتے ہیں لیکن جس طرح سلطان خان صاحب نے کہا ہے کہ اگر وہ فیڈرل سے اپنے حلقوں کیلئے لائے اور پراونشل سے ایم پی ایز لائیں تو عوام کی بہتری ہوگی، وہ وہاں سے کچھ لائیں گے، ایم پی ایز یہاں سے لائیں گے تو اس میں عوام کی بہتری ہوگی۔

The sitting is adjourned till 03:00 pm, afternoon tomorrow.

(اجلاس بروز منگل مورخہ 11 اگست 2020ء بعد از دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)